

کلیات

حاجی محمد عالم

(پنجابی شاعری کا ایک گم گشتہ باب)

تحقیق وتدوین

حسن نواز شاہ

کُلیاتِ
حاجی محمد عالم

(پنجابی شاعری کا ایک گم گشتہ باب)

تحقیق و تدوین

حسن نواز شاہ

اورینٹل پبلی کیشنز پاکستان

کتاب بہترین ساتھی
ہماری کتابیں، بہترین ساتھی

بسعی واہتمام
سیّد اویس علی سہروردی

کلیاتِ حاجی محمد عالم

(پنجابی شاعری کا ایک گم گشتہ باب)

بارِ اوّل: دسمبر ۲۰۰۷ء
حروف چینی و صفحہ بندی: گرافک اِن، 042-6363009
ناشر: اورینٹل پبلی کیشنز
طابع: حاجی حنیف اینڈ سنز
قیمت: =/150

اورینٹل پبلی کیشنز پاکستان
تجمل ٹاور، دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ، لاہور
فون: 042-6363009-7213578

انتساب

حضرت سائیں محمد اشرف قادری سہروردی رحمۃ اللہ علیہ
کے نام

ملیا متر پیارا

کسے ملک یا کسے قوم دیاں آناں باناں شاناں اوس قوم دے دانیاں پڑھانیاں عالماں فاضلاں تے سیانیاں دانشوراں نال ہوندیاں نیں۔ لھائی سنسار وچ اوسے قوم یا ملک دی ہوندی اے جہدا معاشرہ تے حاکم اپنے وناواں نوں فالتو، فضول، بیکار تے حقیر شے سمجھن۔ صاحب علم لوکاں بارے انج دے مردود رویے تے کوڑ کباڑ سوچاں کسے قوم دے زوال، بربادی تے تباہی دا سبب ہوندے نیں۔

امیر تیمور بڑا سفاک بادشاہ سی اوہ جس شہر یا جس ملک تے وی حملہ کردا اوتھوں دے لوکاں دا قتلام کردا، اوہدے فوجی مقتولاں دے سراں دے مینار بنا کے اوس توں انعام لیندے، گلیاں تے بازاراں وچ خون دیاں ندیاں چل پیندیاں، پر اک کم اوہ عجیب کردا کہ اوتھوں دے عالماں فاضلاں نوں دکھ کر کے اپنی راجدھانی ول ٹور دیندا۔ اوتھے اوہناں نوں آباد کر کے تے ساریاں ای سہولتاں تے آسانیاں اوہناں دے قدماں وچ ڈھیر کر دیندا تے انج اوہ اپنے ملک تے قوم دے استحکام دی نیہہ بنھ دا تے اوہنوں ترقی ول ٹور دیندا۔

اندلس دے مسلمان دانشوراں دے علم دی لوجدوں یورپیاں تیکن پہنچی تے اوہناں اوہدی روشنی وچ، اُج کوئی دے کم کر کے دنیا توں اپنا آپ منوایا اج دی مغربیاں دی سربلندی دا سبب علم دے حصول دا ذریعہ اے، ایویں نہیں سی حکیم الامت نوں ایہ آکھنا پیا کہ:

مگر وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آبا کی
جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارا

بیگانیاں نے اپنے ورثے نوں ای نہیں، جتھوں جتھوں وی علم دی روشنی لبھی اوہدیاں رشماں کٹھیاں کر کر کے اپنی قوم دے دل تے دماغ روشن کیتے تے اج جگ تے موجاں کر رہے نیں۔

ورثیاں دی بھال، اوہناں دی راکھی، تے اوہناں اُتے غور فکر نال ای قوماں، قوماں بن دیاں تے فرشوں اٹھ کے عرشاں تک پہنچ جاندیاں نیں۔ جہڑیاں قوماں علم ہنر نال سیر سانجھ نہ رکھن اپنے وڈکیاں دے ورثے تے علم دے خزانیاں نوں نہ سنبھال سکن اوہ کنگال ای نئیں ہوندیاں سگوں دنیا دے ورقے توں اوہناں دا ناں نشان ای مٹ جاندا اے۔ اوہ لوک بڑے عظیم ہوندے نیں جہڑے علماں دی بھالنا، پالنا تے سنبھالنا کردے نیں۔ فر علم تے ہنر وی اوہناں نوں ہمیش لئی زندہ کر دیندا اے۔ اصل وچ مولا کریم نے آدم نوں علم دے کے ای تے ساری مخلوقات نالوں افضل، اشرف تے اعلیٰ کیتا اے۔

صاحبزادہ حسن نواز ہوری وی اک اجیہی ہستی نیں جہناں نوں علم تے ادب نال عشق اے، ورثیاں نوں سانبھ سانبھ رکھن دی لگن اے تے ایہ اوہناں دے سانبھوای نمیں راکھے وی نیں۔ علم دے چانن نوں تھاں تھاں ونڈن تے عام کرن دی دھن وی ایہناں تے سوار رہندی اے۔

ایہ علم تے ادب دے کھوجی نیں، کاڈھے نیں، پارکھ پڑچولیے تے گویڑیے نیں۔ سگوں علمی، ادبی، اخلاقی، تے ثقافتی قدراں نوں گل لائی پھردے نیں جے میں ایہناں دے علمی ادبی کردار دی گل چھوہاں تے بڑی دور لگی جلنی ایں، اک چھوٹی جہی مثال محمد اخلاق ارشد ہوراں دی ای لے لوو اوہ اپنے کتاب وچ "ہدیہ تشکر" دے سرناویں ہیٹھ فرماندے نیں کہ:

"میں اپنے والد گرامی کے سرمایہ شعری کو محفوظ رکھ نہ پایا عالم یہ تھا کہ ان کے مطبوعہ و غیر مطبوعہ کلام میں سے صرف میرے پاس ہی نہیں بلکہ خاندان بھر میں کسی کے پاس کچھ بھی نہ تھا۔ اور اس پر طرہ یہ کہ محترم دوستوں (نام حذف کرنے پر معذرت) کا اصرار کہ میں ان کا کلام تلاش کروں اور اسے زیورِ طبع سے آراستہ کروں لیکن سوال یہ تھا کہ کلام کہاں سے ہاتھ آئے کیونکہ میں تو مقدور بھر کوشش کر چکا تھا لیکن نہ کچھ ہاتھ آنا تھا نہ آیا۔ آخرش ایک دن میں نے اپنی ناکامی کی تفصیل مع اپنی آرزو کے نہایت قابلِ احترام شخصیت جو ایک روحانی خانوادہ کے چشم و چراغ اور پوٹھوہار کی نہایت مبارک علمی و روحانی ہستی خواجۂ خواجگان حضرت صوفی محمد نواز شاہ دامت برکاتہم العالیہ (نڑالی شریف) کے صاحبزادے اور تربیت یافتہ ہیں یعنی حضرت صاحبزادہ حسن نواز شاہ صاحب مدظلہ العالی کے سامنے پیش کی اس بات کو ہوئے چند ماہ ہی گزرے ہوں گے کہ ایک شب حضرت صاحبزادہ

صاحب کا فون آیا کہ محترم مبارک ہو، آپ کے والد گرامی کی ایک نہیں دو نہیں، تین نہیں بلکہ چار مطبوعہ سی حرفیاں سوہاوہ سے دستیاب ہوئی ہیں ان کے اس جملہ کو سماعت کر کے مجھے کتنی خوشی ہوئی یہ تو شاید بیان میں نہ آ سکے۔"

"......کچھ دنوں بعد آپ تشریف لائے اور جملہ سی حرفیوں کا عکس عنایت فرمایا اور ساتھ ہی اس کی اشاعت نو کا ذکر ہوا میں نے ان سے گزارش کی جہاں اتنا بڑا عقدہ آپ کی معرفت حل ہوا وہاں کچھ مزید زحمت آپ ہی فرما دیجئے۔ میں شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری خواہش اور نصف صدی سے زاید خاندانی مراسم کا احترام کرتے ہوئے نہ صرف کلیات مرتب کرنے کی حامی بھر لی بلکہ اس کی اشاعت کے بار گراں سے بھی سبکدوش کر دیا۔"

میری قسمت وچ وی اک علم دوست، اعلیٰ اخلاق دے مالک تے اُچے سُچے تے روحانی عظمتاں دے حامل خاندان دے اک رکن تے ڈاڈھے مٹھے تے نگھے انسان نال ملاقات لکھی ہوئی سی ویلا مینوں گجر خاں لے گیا۔ ہو یا انج کہ مقصود احمد شرقپوری جہاں مقصود پبلشرز دے ناں نال اک اشاعتی ادارہ قائم کیتا ہویا اے۔ جہڑے ناشر، تاجر، کاروباری گھٹ تے ادب دوست انسان بہتے نیں، مینوں پنجابی دے مشہور شاعر احمد علی سائیں دے کلام دی بھال لئی نال لے گئے، اوتھے اپنے اک سجن ارشد خالد ہوراں دے ذریعے صاحبزادہ حسن نواز جی ہوراں نال ملنی ہوئی (میں دوہاں دِھراں مقصود احمد شرقپوری تے ارشد خالد ہوراں دا ایس سلسلے وچ شکر گزار آں) مل کے لگیا جیویں میں ایہناں نوں صدیاں توں جان دا ہوواں یا جنم جنم توں ایہناں نوں مل دا رہیا ہوواں بھاویں میں تاریخ دا قائل نہیں فر وی۔

آوا گون عقیدے نوں ہن کنج بھلا جھٹلاواں میں
آوندے اوتے جی پیناں واں جاندے او مرجاناواں

(امین خیال)

ایہناں نوں ویکھ کے، مل کے، گلاں کر کے سچی مچی میں جی پیا۔ میرے اندر بجرتا تے جلتا کد پئی تے انج لگا جیویں ایس اک دن دی ملاقات وچ میرے اندر میرے سلور جوبلی زمانے دی ساری شوخی، ساری شگفتگی، ساری بے ساختگی، سارے بے تکلفی تے ساری محبت نویں سرے توں پھٹ پئی ہووے۔

آکھدے نیں کہ جنہاں نال عالم ارواح وچ ملاقات ہوئی ہووے عالمِ اجسام وچ وی ضرور ہوندی اے پر اوہدا اک وقت مقرر ہوندا اے۔

ہن پتہ لگیا کہ اسیں صدیاں توں اک دوجے نوں کیویں جان دے ساں تے جنم جنم توں کیویں اک دوجے نوں مل رہے ساں۔ اصل وچ ایہ عالمِ ارواح دی ملاقات سی جہڑی اپنے وقت تے ایس رنگاں، مہکاں تے آساں بھرے جہان وچ وی ہوگئی۔ مینوں ایس ملاپ تے بڑا ناز، فخر، مان، گھمنڈ تے غرور اے جے میں حیاتی وچ اک ایسی وڈی شخصیت، صاحبِ علم، صاحبِ ذوق وشوق، صاحبِ عرفان ووجدان تے ولیاں دی اولاد دے اک سچے فرد نال میرا ملن ہوا۔

سادھو بھائی اس دنیا ماں سب سے ملنے جا
جانے کون سے بھیس میں تاں کو ملے خدا

(امین خیال)

تے جے میں بابے فرید ہوراں دی زبان وچ آکھاں تاں گل ایسراں ہووے گی کہ

اٹھ فریدا ! ستیا توں دنیا ویکھن آ
جے کوئی بخشیا مل پئے تاں توں وی بخشیا جا

صاحبزادہ حسن نواز جی ہوراں وچ جتھے ہور ڈھیر ساریاں خوبیاں نیں اوہناں وچ علمی ادبی تے انسانی خدمت دا جذبہ توس کے بھریا ہویا اے۔ سچے تے سچے قولاں تے عمل ایہناں نوں گڑھتی وچ ملے نیں۔ شہروں، سڑکوں دور چھوٹے جہے پنڈ نڑالی وچ ایہناں دی وڈی ساری حویلی اے جہدے وچ اک وڈی ساری لائبریری اے جہدا وجود اوس علاقے لئی بڑی وڈی نعمت تے برکت دے۔ اوس لائبریری وچہ تقریباً ہر زبان دی کتاب موجود اے، قلمی نسخیاں تے مخطوطیاں دا ڈھیر لگیا ہویا اے۔ جنہاں توں لابھ چکن دی عام اجازت اے۔ سگوں صاحبزادہ ہوراں جی دی اپنی عادت ایہ ہے کہ اوہ علمی، ادبی تے تحقیقی کم کرن والیاں نال ات دا تعاون کر دے نیں۔ پلیوں فوٹو کاپیاں کروا کے، سیڈیاں بنوا کے بُرے دے نیں، سگوں چنگیاں تے اہل علم لوکاں دے تو ڑ گھر چھڈن جاندے نیں۔ انج دے مخلص تے کم آون والے بندے اج کتھوں تے کبھوں لبھدے نیں۔ سگوں نایاب تے کمیاب ہوندے جارہے نیں۔ اوس علاقے دے تے ہورناں محققاں نوں ایہناں دے علمی خزانے توں استفادہ کرنا چاہی دا اے۔

صاجزادہ ہوراں جی نوں کسی اہم، نایاب، یا کمیاب کتاب یا قلمی نسخے دا کتوں پتہ چل جاوے تے ایہ اوہناں چر چین نال نہیں بہندے جنا چر اوہ اصل کتاب یا اوہدی نقل حاصل نہ کر لین۔ اج دے ایس علموں واندے دور وچ انج دے جنونی بندے دا دم غنیمت ای نہیں سگوں اوہدا وجود رحمت تے برکت اے۔

صاجزادہ حسن نواز جی آپ خود اردو دے بہت اچھے تے جدید لہجے وچ من کھچویں شعر کہن والے ستھرے شاعر نیں، (مولا کریم ایہناں نوں پنجابی وچ شعر کہن دی توفیق وی عطا کرے۔آمین) سکالر نیں، اعلیٰ قسم دے محقق تے نقاد نیں، سہروردیہ سلسلے نال تعلق رکھدیاں ایس موضوع تے ایہناں دا تحقیقی کم نویکلا تے سراہن جوگ اے۔ ونگی دے طور تے ایہناں دا کم کلیات حاجی محمد عالم تہاڈے ہتھاں وچ اے، جس وچ ایہناں دے لکھے مقالے توں تہانوں ایہناں دے علمی مقام دا اندازہ ہو جائے گا۔

امین خیال، لاہور
۲۳/نومبر ۲۰۰۷ء

پیش لفظ

کچھ عرصہ قبل قریبی گاؤں میانہ موہڑہ کے صوفی منش حکیم، عبدالحمید قریشی کی بیاض جس میں ان کے اوران کے دوستوں کے آزمودہ طبی نسخے، تعویذات اور دم وغیرہ مرقوم تھے نظر سے گزری۔اسی بیاض میں حاجی محمد عالم کے بھی کچھ دم درج تھے، میں نے اس کا تذکرہ حاجی محمد عالم کے صاحبزادے اور ادبی جانشین اخلاق ارشد صاحب سے کیا تو انہوں نے مزید انکشاف کیا کہ ان کے والدِ گرامی پنجابی کے زود گو شاعر تھے اور ان کی چند سی حرفیاں بھی طبع ہوئی تھیں، لیکن ساتھ ہی یہ بھی وضاحت کردی کہ ان کے مطبوعہ/غیر مطبوعہ کلام میں سے کچھ بھی ان کے پاس محفوظ نہیں۔اس بات کو چند ہفتے ہی گزرے ہوں گے کہ انہیں کہیں سے حاجی صاحب کے دو چومصرعے دستیاب ہو گئے، جو انہوں نے ملاقات پہ سنائے۔وہیں بیٹھے بیٹھے یہ طے پایا کہ انہی دو چومصرعوں کی بنیاد پہ ایک مختصر تعارفی مضمون کسی مقامی مجلّہ میں بھیجا جائے، ممکن ہے اس کے نتیجے میں کوئی بندۂ خدا یہ خبر دے کہ اس کے پاس حاجی صاحب کا مطبوعہ یا غیر مطبوعہ کلام محفوظ ہے۔انہیں دنوں کلرسیداں (ضلع راولپنڈی) سے پوٹھوہار کے معروف پنجابی شاعر انور فراق قریشی (۲۸مئی ۱۹۲۵-۱۴جون ۱۹۷۱ء) کے فرزند زبیر قریشی کی زیرِ ادارت نکلنے والا ایک مجلّہ گوہرِ فراق اخلاق صاحب کے پاس باقاعدگی سے آتا تھا سو انہیں کی تجویز پہ ایک مختصر تعارفی مضمون لکھ کر مذکورہ بالا مجلّہ میں بھیج دیا گیا جو شایع تو ہو گیا(۱) مگر اس کے ساتھ جو حال ہوا اس کا نہ چھیڑنا ہی بھلا، البتہ یہ ضرور ہوا کہ حاجی صاحب کا مختصر تعارف مع نمونۂ کلام جیسا تیسا طبع ہو گیا پر ''جنگل میں مورناچا کس نے دیکھا؟''۔خیر دن یونہی گزرتے رہے کہ ۴فروری ۲۰۰۷ء کو برادرم قاضی عبدالرحمٰن فاروقی (اراضی/کلرسیداں) کی معیت میں ایک کتاب دوست شخصیت قاضی عبدالرشید قریشی سے ملاقات کا اتفاق ہوا۔ دورانِ گفتگو انہوں نے نہایت

فراخدلی کے ساتھ اپنی اپنی پسند کی کتب لے جانے کی پیش کش کی، اس دن تو تاخیر کے سبب ہم ان کی پیش کش سے فائدہ نہ اٹھا سکے البتہ پھر کسی دن آنے کا وعدہ کر کے واپس آ گئے۔ ۲۵ فروری کو میں اور فاروقی صاحب دوبارہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تفصیلاً ان کا کتابخانہ ملاحظہ کیا۔ قریشی صاحب کے کتابخانہ سے جہاں دیگر موضوعات پہ کئی نادر کتب ہاتھ آئیں وہیں پنجابی ادب کا خاصا نایاب ذخیرہ بھی دستیاب ہوا، اسی ذخیرہ میں حاجی صاحب کی چار مطبوعہ سی حرفیاں بھی تھیں۔ میں نے اسی دن فون پہ اخلاق صاحب کو سی حرفیوں کی بازیابی کی اطلاع دی اور ملاقات پہ جملہ سی حرفیوں کا عکس ان کے حوالے کیا اور اس کی اشاعتِ نو پر بھی زور دیا، جواب میں انہوں نے اس کی ترتیب و اشاعتِ نو کی ذمہ داری مجھ پہ ڈال دی جو سید ی سید اویس علی سہروردی کے اشتراک سے پایہ تکمیل کو پہنچی۔ یہاں تک تو روداد تھی کلام کی بازیابی کی اب کچھ گزارشات ترتیبِ متن اور دیباچہ سے متعلق:

ترتیبِ متن کے دوران کچھ الفاظ کو مقامی تلفظ کے مطابق ڈھالا گیا جس سے مصارع کو وزن میں کرنا مقصود تھا مثلاً محمد عالم کو محمدالم، ذائقہ کو ذیقہ اور شاگرد کو شگرد وغیرہ۔ اسی طرح کچھ مصارع میں ہلکا پھلکا تصرف بھی کیا گیا تا کہ مصرعہ فنی اعتبار سے درست ہو جائے۔

اب جہاں تک تعلق ہے دیباچہ کا تو میں نے جب کلیات کی ترتیب کی حامی بھری تھی اس وقت خیال یہی تھا کہ تحصیل میں پنجابی کی شعری روایت کا مختصر جایزہ لیتے ہوئے حاجی محمد عالم کے فکروفن کا تفصیلی تعارف پیش کروں گا، مگر جب اپنے کتابخانہ کی پنجابی Collection نیز مخطوطات کے Section کو ملاحظہ کیا تو معلوم ہوا کہ تحصیل میں پنجابی کی شعری روایت کے حوالے سے خاصا مواد موجود ہے۔ اس کے باوجود مختصر اوقات میں اپنے ذوقِ تگاپو کی بدولت نہ صرف کچھ مزید مواد بھی ہاتھ آیا بلکہ یہ انکشاف بھی ہوا کہ تحصیل میں گزشتہ تین صدیوں سے پنجابی کی نہایت مضبوط شعری روایت موجود ہے۔ پس پہلے خیال سے رجوع کرتے ہوئے طے یہ کیا کہ اب تک دستیاب مواد کا مختصر اً تعارفی جایزہ لیتے ہوئے حاجی صاحب اور ان کی تصانیف کے تعارف پہ ہی قلم روک لوں گا، سو ایسا ہی کیا۔ اب آخر میں دیباچہ سے متعلق کچھ گزارشات:

☆ شعراء کے مختصر تعارف (بلحاظِ وفات) مع فہرستِ تصانیف پہ ہی اکتفا کیا گیا ہے۔ ان میں جن شعراء کے احوال یا سنینِ وفات میسر نہ آ سکے ان کا اندراج قیاس کی مدد سے یا ان کی کسی تصنیف کے سالِ اشاعت کی روشنی میں کیا گیا۔

☆ سبھی شعراء کے نمونۂ کلام کے اندراج اور اصنافِ سخن میں ان کے اختصاص سے عمداً پہلوتہی برتی گئی ہے کہ مقالہ کی طوالت مانع تھی۔

☆ قیامِ پاکستان کے بعد پوٹھوہار بھر میں جن میں تحصیل گوجر خان کو مرکزی حیثیت حاصل ہے کے ادباء و شعراء نے ایک بھرپور تحریک پوٹھوہاری کے انفرادی تشخص کے لیے چلائی، (اس تحریک کو علمی و تاریخی بنیادوں پر چلانے کا سہرا جناب اختر امام رضوی کے سر ہے بالخصوص پوٹھوہاری کی لوک روایت پہ آپ سے زیادہ شاید ہی کسی نے کام کیا ہوگا، اس تحریک میں خاصا حصہ بزرگ دوست سید حبیب شاہ بخاری کا بھی ہے، نئی نسل میں آلِ عمران، شیراز طاہر، شاہد لطیف ہاشمی پوٹھوہاری زبان و ادب اور کلچر کے فروغ کے لیے کوشاں ہیں۔) اس تحریک کا استغاثہ یہ ہے کہ پوٹھوہاری، پنجابی کا ایک لہجہ نہیں بلکہ الگ زبان ہے، پس ان حضرات کی ادبی خدمات کو مقالۂ ہذا میں جگہ نہیں دی گئی۔

☆ شعری روایت کے ارتقائی تناظر میں ادوار کی تقسیم بھی احتیاط نہیں کی گئی کہ ابھی اس سلسلہ میں مزید تحقیق کی گنجائش موجود ہے۔

آخر میں اس اعتراف میں یقیناً کوئی قباحت نہیں کہ پنجابی زبان و ادب کبھی بھی میرا موضوعِ تحقیق نہیں رہا، پس اس بات کا قوی امکان ہے کہ دیباچہ میں کئی اہم امور شاید زیرِ بحث نہ آسکے ہوں اس لیے قارئین کی مثبت تنقید میرے لیے مزید معلومات کا ذریعہ ثابت ہوگی۔ نیز ان صاحبان کا شکریہ ادا نہ کرنا بالیقین ناسپاسی کی ذیل میں آئے گا کہ جنھوں نے اس منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں کسی نہ کسی صورت تعاون کر کے علم نوازی کا ثبوت دیا: ان کے نام بلحاظِ حروفِ تہجی درج ذیل ہیں۔

اختر امام رضوی (گوجر خان)

ارشد خالد (اسلام آباد)

امین خیال (لاہور)

پروفیسر انور بیگ اعوان (بھون/ضلع چکوال)

سید اویس علی سہروردی (لاہور)

صاحبزادہ بدرالاسلام صدیقی، سجادہ نشین، خانقاہِ نقشبندیہ سلطانیہ کالا دیو (جہلم)

جمیل احمد (نڑالی/تحصیل گوجر خان)

سید حبیب شاہ بخاری سہروردی (بھائی خان/تحصیل گوجر خان)

حنیف حنفی (چنگا میرا/تحصیل گوجر خان)

خرم فاروق (نڑالی/تحصیل گوجر خان)

قاضی رئیس احمد (ڈھوک قاضیاں/ رَوات)

صاحبزادہ شاہد الحسن مہر نوشاہی (دھماں/تحصیل گوجر خان)

شعیب فاروق راجہ (نڑالی/تحصیل گوجر خان)

قاضی عبدالحفیظ (بوکڑہ/تحصیل گوجر خان)

قاضی عبدالرحمٰن فاروقی (اراضی/تحصیل کلر سیداں)

قاضی عبدالرشید قریشی (کھور کہ/تحصیل سوہاوہ)

حاجی عدالت حسین (بھنس/تحصیل گوجر خان)

طارق محمود (ڈھیری رستم/میر پور، آزاد کشمیر)

حاجی محمد اختر ہاشمی (بیول/تحصیل گوجر خان)

ملک محمد اقبال (کیال/تحصیل گوجر خان)

صاحبزادہ محمد رضوان نوشاہی، محمد عثمان قیوم (جرموٹ کلاں/تحصیل گوجر خان)

مفتی محمد مختار علی رضوی (چچی بہادر/تحصیل گوجر خان)

منصور احمد شاہ (کلاڑی/تحصیل کلر سیداں)

حافظ منظور احمد (موہری راجگان/تحصیل گوجر خان)

راجہ نور محمد نظامی (بھوئی/تحصیل حسن ابدال)

وسیم اقبال (نڑالی/تحصیل گوجر خان)

وقار احمد (حبیب چوک/تحصیل گوجر خان)

حسن نواز

یکم شوال ۱۴۲۸ھ

حوالہ جات وحواشی

۱۔ ملاحظہ فرمایئے: حسن نواز شاہ، حاجی محمد عالم، پنجابی ادب کی ایک گمشدہ کڑی: مشمولہ، گوہرِ فراق: کلر سیداں، جولائی ۲۰۰۵ء، ص ۳۵-۳۶

۲۔ قاضی عبدالرشید قریشی ۱۸ جون ۱۹۱۸ء کو بمقام کھور کہ کھینگراں (تحصیل سوہاوہ) میں میاں نور حسن کے ہاں پیدا ہوئے۔ گورنمنٹ ورنیکلر سکول سوہاوہ سے مڈل تک تعلیم حاصل کی اور بطور امام مسجد و خطیب ڈھوک کریم بخش میں کئی سال خدمات سرانجام دیں۔ آپ کی نسبتِ بیعت امیر حزب اللہ سید محمد فضل شاہ جلالپوری (۳نومبر۱۸۹۴-یکم دسمبر۱۹۶۶ء) سے ہے۔ موصوف ایک علم دوست شخصیت ہیں، شاعری، تصوف، مذہب اور تاریخ کا خاصا ذوق رکھتے ہیں۔ آپ کے برادرِ اکبر قاضی عبدالعزیز چشتی (م ۲۳ جنوری ۱۹۸۳ء) بھی پنجابی کے کہنہ مشق شاعر تھے، ان کا وصالِ اکبری کے نام سے ایک مجموعہ شایع ہوا تھا۔ (گفتگو از راقم: کھور کہ کھینگراں، تحصیل سوہاوہ، ۲۷ جولائی ۲۰۰۷ء)

ہدیۂ تشکّر

آب ہوا وطن تیرے دی لگدی بہت پیاری

دور ہوون دکھ درد تمامی جاندی چھوڑ بیماری

(صوفی سائیں محمد شاہ)

الحمدللہ! آج ایک دیرینہ آرزو پایۂ تکمیل کو پہنچی۔ بچپن، تعلیم اور پھر سلسلۂ روزگار، میں ان سب میں ایسا الجھا کہ اپنے والدِ گرامی کے سرمایۂ شعری کو محفوظ نہ رکھ پایا۔ عالم یہ تھا کہ ان کے مطبوعہ و غیر مطبوعہ کلام میں سے صرف میرے پاس ہی نہیں بلکہ خاندان بھر میں کسی کے پاس کچھ بھی نہ تھا۔ اور اس پر طرّہ یہ کہ میرے محترم دوستوں جن میں حضرت سید وحید احمد شاہ گیلانی (کنیٹ خلیل)، ماسٹر ظہور احمد چوہان (آدڑہ عثمان زادہ) مولانا مفتی مختار علی رضوی (چھچی بہادر) اور برادرم رشید احسن (بھون/کہوٹہ) شامل ہیں کا اصرار کہ میں ان کا کلام تلاش کروں اور اسے دوبارہ زیورِ طبع سے آراستہ کروں۔ لیکن سوال یہ تھا کہ کلام کہاں سے ہاتھ آئے کیونکہ میں تو مقدور بھر کوشش کر چکا تھا لیکن نہ کچھ ہاتھ آنا تھا نہ آیا۔ آخرش ایک دن میں نے اپنی ناکامی کی تفصیل مع اپنی آرزو کے نہایت قابلِ احترام شخصیت جو ایک روحانی خانوادہ کے چشم و چراغ اور پوٹھوہار کی نہایت مبارک علمی و روحانی ہستی خواجۂ خواجگان حضرت صوفی محمد نواز شاہ دامت برکاتہم العالیہ (نڑالی شریف) کے صاحبزادے اور تربیت یافتہ ہیں یعنی حضرت صاحبزادہ حسن نواز شاہ صاحب مدظلہٗ العالی کے سامنے پیش کی۔ اس بات کو ہوئے چند ماہ ہی گزرے ہوں گے کہ ایک شب حضرت صاحبزادہ صاحب کا فون آیا کہ: محترم! مبارک

ہو،آپ کے والدِ گرامی کی ایک نہیں ،دونہیں ،تین نہیں بلکہ چار مطبوعہ سی حرفیاں سوہاوہ سے دستیاب ہوئی ہیں۔ان کے اس جملہ کو سماعت کر کے مجھے کتنی خوشی ہوئی یہ تو شاید بیان میں نہ آسکے البتہ اس کا اندازہ کچھ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ جو اردو کے کسی شاعر نے بیان کیا کہ

کسی کے آنے سے ساقی کے ایسے ہوش اڑے
شراب سیخ پہ ڈالی ، کباب شیشے میں

بس اپنا بھی یہی حال ہوا کہ میں نے یہ خبر سن کر فوراً انہیں گزارش کردی کہ آپ ابھی تشریف لائیں یہ سوچے بغیر کہ اس وقت خاصی رات ہو چکی تھی۔کچھ دنوں بعد آپ تشریف لائے اور جملہ سی حرفیوں کا عکس عنایت فرمایا اور ساتھ ہی اس کی اشاعتِ نو کا ذکر ہوا،میں نے ان سے گزارش کی جہاں اتنا بڑا عقدہ آپ کی معرفت حل ہوا وہاں کچھ مزید زحمت بھی آپ ہی فرما دیجیے۔میں شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری خواہش اور نصف صدی سے زاید خاندانی مراسم کا احترام کرتے ہوئے نہ صرف کلیات مرتب کرنے کی حامی بھر لی بلکہ اس کی اشاعتِ نو کے بارِ گراں سے بھی سبک دوش کر دیا اور اس سلسلہ میں وہیں بیٹھے بیٹھے لاہور حضرت سید اویس علی سہروردی صاحب (مالک،اورینٹل پبلشرز لاہور) سے بات بھی کرادی۔اور ان دونوں بزرگوں کی شفقت کے نتیجے میں کلیات آپ کے سامنے ہے۔میں آخر میں حضرت سائیں محمد اشرف قادری سہروردی رحمۃ اللہ علیہ (مدفون: نڑالی شریف) کی مزید بلندئ درجات کے لیے دعا گو ہوں (اس کا احساس ہوتے ہوئے کہ: ع چہ نسبت خاک را بہ عالمِ پاک) کہ انہی کے فیضانِ توجہ کی بدولت یہ تمام امور بہ طریقِ احسن سرانجام پائے۔

محمد اخلاق ارشد، گوجر خان

۱۹ جولائی ۲۰۰۷ء

0300-9558706

تحصیل گوجر خان میں پنجابی کی شعری روایت

(۱)

لاہور سے اسلام آباد آتے ہوئے سوہاوہ شہر (ضلع جہلم کی تحصیل) سے چند کلو میٹر مزید سفر کیا جائے تو ضلع راولپنڈی کی معروف تحصیل گوجر خان کی حد شروع ہو جاتی ہے۔ کچھ کلو میٹر مزید سفر کیا جائے تو جرنیلی سڑک پہ ہی گوجر خان شہر واقع ہے۔ گوجر خان کے بارے وجہ تسمیہ دیہات پرگنہ دان گلی و پھرہالہ میں مذکور ہے کہ:

"گوجر خان دراصل وراثتِ گوجران مقرر است۔ خانا نامی گوجر درعہدِ ملک گل محمد خان گکھڑ در ۸۳۹ھ بنیاد دیہہ نہاد برنامِ بانی گوجر خان مشہور گردید۔ بعدہٗ قومِ چوہان در عمل داری سلطان ہاتھی خان گکھڑ دران موضع بوراثت داری آباد شدند و ازین معنی نام موضع چوہان گوجر خان شد۔ بعدہٗ تاش بیگ خان فیروزال را دیہہ مسطور از سرکار سلطان مرادقلی خان گکھڑ در وجہ وراثت عطا گشت۔ آن وقت در موضع قوم گوجر خیلے بدست بود۔ ہیچ ادب فیروزالان نہ کردند، ازیں سبب فیروزالان حسب اجازت گکھڑان گوجران را از دیہہ مذکور بدر کردند، قومِ چوہان و گکھڑان و برہمن بوراثت داری در آنجا آباد ند۔"(۱)

فرنگی راج سے قبل گوجر خان شہر کی کوئی قابلِ ذکر اہمیت نہیں تھی۔ ۳۰ مارچ ۱۸۴۹ء کو وائسرائے ہند لارڈ ڈلہوزی (۲۲ اپریل ۱۸۱۲۔۱۸۶۰ء) کے پنجاب کے برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی

سے الحاق کے اعلان کے بعد کمپنی نے ۱۸۴۹ء کے اواخر میں راولپنڈی کو ضلع کا درجہ دیا اور اس کی چھ تحصیلیں مقرر کیں جن میں ایک گوجر خان بھی تھی۔(۲)

جغرافیائی حدود و رقبہ: موجودہ گوجر خان شہر مشرقی طول بلد پر ۷۳ ڈگری اور ۲۲ منٹ جبکہ شمالی عرض بلد پر ۳۳ ڈگری اور ۱۶ منٹ پر واقع ہے اور سطح سمندر سے ۱۷۰۰ فٹ بلند ہے۔ تحصیل گوجر خان کے شمال مشرقی علاقہ میں تحصیل کلر سیداں اور شمال اور شمال مغرب میں تحصیل راولپنڈی، جنوب اور جنوب مشرقی علاقہ میں تحصیل سوہاوہ اور جنوب مغرب میں ضلع چکوال کی حدود ہیں جب کہ مشرق میں دریائے جہلم کے پار آزاد کشمیر کا علاقہ ہے۔ تحصیل گوجر خان کا کل رقبہ ۵۶۷ مربع میل ہے۔(۳)

(۱۱)

تحصیل گوجر خان میں پنجابی کی شعری روایت کتنی قدیم ہے اس بارے سرِ دست وثوق سے کچھ کہنا شاید بہت مشکل ہے۔ رائے زادہ ڈونی چند عرف بالی نے دسویں صدی ہجری کے ساتویں عشرے کے کسی گمنام شاعر کا ایک مصرعہ جو حاکمِ پوٹھوہار سلطان کمال خان (م ۹۷۶ھ) کے بارے میں کہا گیا بطورِ حوالہ نقل کیا ہے:

"القصہ کمال خان بپایۂ کمال رسیدہ، جمالِ ملکِ پوٹھوہار را بغازۂ انصاف و بخشش مضاعف آرایش تازہ داد، درآنوقت در ہندوی کسی شاعر گفتہ بود:

خان تے سلطان گکھڑ بادشاہ کمال (۴)

اگرچہ یہ طے نہیں کہ مذکورہ بالا شاعر کا تعلق تحصیل گوجر خان ہی سے تھا، البتہ دسویں صدی ہجری میں اس علاقہ میں پنجابی کی شعری روایت کے اثبات کے لیے ضرور اہمیت کا حامل ہے۔ لوک ادب سے صرفِ نظر کرتے ہوئے اب تک کی تحقیق کے مطابق تحصیل کے پہلے پنجابی شاعر قادری نوشاہی سلسلہ کے معروف صوفی حضرت پیر محمد سچیار نوشاہی ہیں۔

136978

پیر محمد سچیار نوشاہی: آپ ۱۰۱۲ھ(۵) میں تحصیل کے تاریخی قصبہ نڑالی (جو اتفاق سے راقم کا بھی گاؤں ہے) کی گکھڑ برادری میں پیدا ہوئے۔(۶) آپ کے والدِ گرامی بوجوہ نڑالی سے ہجرت کر کے موضع کالیکی برلبِ دریائے چناب (ضلع گجرات) میں رہائش پذیر ہو گئے تھے۔ (۷) آپ سلسلہ قادری کی شاخ نوشاہیہ کے مؤسس حاجی محمد نوشہ گنج بخش (۹۵۹۔۱۰۶۴ھ) کے اکابر خلفاء میں سے تھے۔ ۲۵ ربیع الاول ۱۱۱۹ھ کو آپ کا وصال ہوا۔(۸) نوشہرہ میانہ (مضافاتِ جلالپور جٹاں/ضلع گجرات) میں آپ کا مزار زیارت گاہ خلایق ہے۔(۹) آپ کے چند پنجابی اشعار اور مقولے سلسلہ نوشاہیہ کے چند منابع **مراۃ الغفوریہ** (شیخ امام بخش لاہوری)(۱۰)، **تحایفِ قدسیہ** (پیر کمال لاہوری)(۱۱) اور **کشکول نوشاہی** (فقیر غلام محی الدین لاہوری)(۱۲) میں ملتے ہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے(۱۳):

ہیر ہیر مینوں کوئی نہ آکھو ، نہ کوئی کہو سلیٹی
ذات صفات اوتھائیں رہی ، ہن چاکے نال چکیٹی

میاں محمد برکات: راقم کے کتابخانہ میں آپ کی تصنیف اذکارنامہ کا ایک قلمی نسخہ موجود ہے۔ مندرجاتِ کتاب سے مصنف کے بارے جو معلومات ملتی ہیں اس کے مطابق آپ پہلے اپنے نانا عبدالمؤمن سے بیعت ہوئے، ان کے وصال کے بعد شیخ محمد بشندوری (م ۱۱۳۰ھ)(۱۴)، شیخ عبدالواحد (بیول)(۱۵) اور دیگر عبادوزہادِ زمانہ سے ملاقات کرنے کے بعد بالآخر شیخ عبدالغفور کشمیری نقشبندی (م ۱۴ شعبان ۱۱۱۶ھ) سے بیعت وخلافت سے سرفراز ہوئے۔ شیخ کشمیری پہلے حاجی محمد اسمٰعیل غوری نقشبندی (م ۵ جمادی الآخر ۱۱۱۱ھ) سے مستفید ہوئے اور بعدازاں شیخ سعدی بلخاری لاہوری (م ۳ ربیع الثانی ۱۱۰۸ھ) مرید وخلیفۂ سید آدم بنوری (م ۱۳ شوال ۱۰۵۳ھ) سے بیعت ہوئے اور خلافت پائی۔ کاتب نے ترقیمہ میں درج ذیل القابات سے آپ کا ذکر کیا ہے:-

"تمت تمام شد اذکارنامہ من تصنیف قدوۃ السالکین وزبدۃ المحققین حضرت میاں

محمد برکات رحمۃ اللہ"

دیگر ذرائع سے حاصل شدہ معلومات کے مطابق ،تحصیل گوجر خان میں حاجی عبداللہ قادری معروف بہ دیوان حضوری بشندوری (م ۲۰شوال ۱۰۷۲ھ) کے دو خلفاء ہوئے ہیں: ایک بیول میں مدفون دیوان شاہ عبدالباقی بن علم الدین علوی (م ۱۸ جمادی الثانی ۱۰۷۲ھ)، جبکہ دوسرے جلہاری میں مدفون شیخ عبدالقادر سہام علوی۔(۱۶)۔ان دونوں کے والد آپس میں بھائی تھے یعنی دیوان عبدالباقی کے والد علم الدین اور میاں عبدالقادر کے والد قطب الدین۔(۱۷) اب قطب الدین کے آگے چار بیٹے ہوئے یعنی: میاں احمد، میاں نور شاہ، میاں عبدالقادر اور میاں عبدالوہاب۔(۱۸) ان میں سے میاں نور شاہ کے آگے چھ بیٹے ہوئے یعنی: عنائیت اللہ، رحمت اللہ، فتح محمد، ابوالحسن، شیخ مراد، سعد اللہ۔(۱۹) ان میں سے شیخ مراد کے سات بیٹے ہوئے جن میں سے چھٹے بیٹے میاں محمد برکات تھے۔(۲۰) آگے میاں برکات کے تین فرزند ہوئے: میاں عزت اللہ، میاں مبارک اللہ اور میاں مراد اللہ۔میاں عزت اللہ کے پوتے میاں مرید حسن (مدفون: چوہا خالصہ) کا مکتوبہ قصیدۂ بہشتی کا قلمی نسخہ (مکتوبہ ۱۲۶۱ھ) صاحبزادہ شاہد الحسن مہر نوشاہی (دھماں) کی ملکیت ہے۔میاں محمد برکات کا مزار جی ٹی روڈ پر واقع موضع جلہاری میں ریلوے لائن کے پاس چار دیواری میں ہے۔نمونہ کلام (۲۱):

عشق محبت جھوں ہووے کیا آدم کیا کھوتا
محبوباں دے در تے دایم بے دم رہوے کھلوتا

شاہ چراغ گیلانی چوہانوی: آپ ضلع گجرات کے ایک موضع سوک میں گیلانی سادات کے ہاں پیدا ہوئے، آپ کے والد کا اسمِ گرامی شاہ مراد ولد شاہ اسمٰعیل تھا۔شاہ چراغ اہلِ دیہہ کی بدعہدی کی وجہ سے ترکِ سکونت کر کے تحصیل گوجر خان کے گاؤں کانیٹ تاج خان (موجودہ نام کانیٹ خلیل) میں آکر رہائش پذیر ہوئے۔بعدازاں آپ نے ضلع چکوال کے معروف گاؤں چوہان (جسے عرفِ عام میں چہان کہتے ہیں) میں مستقل رہائش اختیار کی اور

وہیں دفن ہوئے۔(۲۲) آپ نے اپنی تالیف کرامت نامہ میں موضع سوک کے ہی اپنے ایک استاد مولانا عبدالرحمٰن جامی کا تذکرہ کیا ہے۔(۲۳) نیز آپ کی شاہ دولہ دریائی سہروردی سے بھی ملاقات رہی،آپ کی تالیف کرامت نامہ ان کی زندگی کے احوال وکرامات پر مشتمل ہے۔(۲۴) آپ کی نسبتِ بیعت وخلافت تحصیل گوجر خان ہی کے ایک موضع ڈھونگ کے حافظ امام دمی سے تھی (ڈھونگ اور نڑالی دو جدا دیہات ہیں، چونکہ پوٹھوہار میں دو ہمسایہ دیہاتوں کے نام ملا کر لینے کا رواج عام ہے جیسے ڈورہ جرموٹ، بندہ بسالی، دیوی داتا، اسی لیے پروفیسر اعوان نے موضع کا نام ڈھونگ نڑالی لکھا)۔آپ نے کانیٹ تاج خان میں خاصا عرصہ قیام کیا، آج بھی ان کی رہائش یا بیٹھک کی حویلی جسے اہلِ دیہہ ''ماڑی'' کہتے ہیں موجود ہے نیز وہ تالاب بھی موجود ہے جسے عرفِ عام میں ''گنگ'' کہتے ہیں۔سید وحید احمد گیلانی (پ ۲ فروری ۱۹۵۸ء) جو بریلوی مکتبِ فکر کے معتبر عالم اور شاہ چراغ کے اخلاف میں سے ہیں سے مروی دو روایات جن سے شاہ چراغ کے مکتبِ تصوف پہ روشنی پڑتی ہے درج ذیل ہیں۔

۱- علاقہ بھر کے لوگ آپ کے پاس (کانیٹ تاج خان میں) روئی دھننے کے لیے چھوڑ جاتے تھے جسے آپ بلا معاوضہ دھن دیتے۔پس منظر اس امر کا یہ ہے کہ روئی دھننے والی مشین (پینجہ) سے روئی دھننے کے دوران ''حق حق، تُو ہی'' سے مشابہہ آواز آتی جس سے آپ وجد میں آ کر کئی کئی گھنٹے روئی دھنتے رہتے۔

۲- گردونواح کے ہندو سکھ بھی آپ کے عقیدت مند تھے۔کانیٹ تاج خان کی ایک ہندو خاتون آپ کی عقیدت مند تھی، وہ تیرتھ یاترا کے لیے ہردوار گئی اور وہاں گنگا میں اشنان کے دوران اس کا کوئی زیور پانی میں گر گیا۔واپسی پہ ایک دن اس کی نندوں یا دیورانیوں نے متعلقہ زیور سے متعلق استفسار کیا تو اس نے وقتی طور پر کوئی بہانہ کر کے ٹال دیا مگر اسی وقت شاہ چراغ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور سارا ماجرا گوش گزار کیا اور لگی آہ وزاری کرنے۔شاہ چراغ نے اس کی آہ وزاری پہ مسجد سے باہر

گڑھے میں جہاں وضو کا پانی جمع ہوتا تھا سے اپنا زیور جا کر نکال لینے کو فرمایا، ساتھ ہی یہ تاکید بھی کر دی کہ: ''صرف اپنا ہی لینا''، وہ خاتون دوڑتی ہوئی گئی اور گڑھے میں ہاتھ ڈالا تو کئی قسم کے زیورات ہاتھ آئے، دوسری بار بھی یہی ہوا البتہ تیسری بار دیگر زیورات کے ساتھ متعلقہ زیور بھی تھا جو خاتون نے لیا۔ جب اس بات کا شہرہ ہوا تو شاہ چراغ کے ہندو عقیدت مندوں نے اس گڑھے کو گنگ کہہ کر پکارنا شروع کر دیا، بعد ازاں وہاں تالاب بنا دیا گیا اور اسے گنگ کے نام موسوم کیا گیا جو اب بھی موجود ہے۔'' (۲۵) نمونہ کلام (۲۶):

چھن چھن وار چڑھے جد سر تے درد اندوہ ہزاراں میں
کھاون پیون بھلا میں نوں رو رو آہیں ماراں میں
وقت تنگی اج نہ کو سنگی کس نوں حال پکاراں میں
غوث الاعظم! پہنچ شتابی نہ کر وقت ورنگی دا
پیر میراں! تو پہنچ شتابی وقت مرے سر تنگی دا

بارہویں صدی ہجری کے ابتدائی عشروں میں کسی سال آپ نے وفات پائی موضع چوہان میں آپ کا مزار زیارت گاہِ خلایق ہے۔ آپ کی تصانیف میں اب تک امام حسین دی وار، کرامت نامہ حضرت شاہ دولہ دریائی کے قلمی نسخے دریافت ہوئے ہیں، نیز ایک ستواڑ شاہ چراغ اور کچھ متفرق کلام بھی دستیاب ہوا ہے۔ میاں محمد بخش قادری (۱۲۴۶-۷ ذی الحجہ ۱۳۲۴ھ) نے بھی آپ کا بطورِ شاعر ذکر کیا ہے۔

رائے زادہ دیوان دونی چند عرف بالی: تحصیل کے قدیم قصبہ گلیانہ کے معروف علمی و ادبی خانوادہ کے بانی رائے زادہ دیوان دونی چند عرف بالی سنگھ راج کے فرزند تھے، یہ ابھی سات سال کے ہی تھے کہ ان کے والد آنجہانی ہو گئے۔ اس کے باوجود آپ نے

تعلیم جاری رکھی اور ایزد باری، پندنامہ پڑھ لیں۔ ابھی گلستان کے کچھ اسباق ہی پڑھ پائے تھے کہ شکار کا شوق چرایا اور اس دوران بازنامہ پڑھا۔ جب عمر پندرہ سال ہوئی تو علمِ موسیقی کی طرف رجوع کیا اور اس میں مہارت حاصل کی لیکن ادھر بھی جی نہ لگا۔ اس کے بعد نیزہ بازی و تیر افگنی میں مہارت حاصل کی اور ایک مدت شغلِ شکار میں مصروف رہے۔ بعدازاں کچھ مدت گھوڑسواری کے شوق میں بھی مبتلا رہے، اسی طرح کچھ عرصہ فنِ طبابت میں صرف کیا اور اس دوران طبِ شہابی اور دواء الہند کا مطالعہ کیا۔ بعدازاں سلطان دلاور خان گکھڑ کے ہاں بطورِ منشی ملازمت اختیار کی، کچھ عرصہ ملازمت کے بعد نوکری سے جب جی اچاٹ ہوا تو عازمِ بغداد ہوئے اور حضرت غوث الاعظم سید عبدالقادر جیلانی (م ۵۶۱ھ) کے روضہ پہ بارہ سال جاروب کشی کی۔ بارہ سال بعد وطن لوٹے، کچھ عرصہ قیام کرنے کے بعد پھر سفر اختیار کیا اس دوران پنجاب بھر اور کشمیر کی خاک اڑائی۔ واپسی پہ کچھ عرصہ راجہ بڈھا خان (مانکیالہ) کے ہاں قیام کیا، وہیں سے سلطان مبارز خان گکھڑ حاکمِ ترخ پڑی (تخت پڑی=اکبرآباد) نے طلب کیا اور اپنے ہاں ملازمت دے دی۔ (۲۷) ان کی معروف تالیف ککھو ہرنامہ (مؤلف بسال: ۱۱۳۷ھ) میں ان کا خاصا پنجابی کلام موجود ہے۔ ایک پوڑی درج ذیل ہے (۲۸):

چڑھیا آدم سلطان سوں وجن گھوڑیں ترمیں
پیلے ہاتھی لودیاں کمب دھرتی پئی دھمیں
نیزے پپے گکھڑاں تن چھیدن وانگ برمیں
پیلے متھے ہاتھیاں جیوں منجھ پہاڑیں جمیں
چوھے اوہے پتھروں رت سٹیاں تھیں سم کھمیں
گجدل لین بھوالیاں جیوں جھکھڑ گھٹاں اودھمیں

آپ نے پوٹھوہاری میں تاریخ بدھالاں (بفرمائش، شیخ خدایار، ۱۱۱۵ سوج

۱۸۱۸ بکرمی) بھی تالیف کی جسے بعدازاں آپ کے صاحبزادے رائے زادہ بودھامل نے فارسی میں ترجمہ کیا۔(۲۹) یہاں یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ میاں محمد بخش نے بھی دونی چند کا بطور پنجابی شاعر تذکرہ کیا ہے اور انہیں شاہ چراغ چوہانوی کا شاگرد اور خادم لکھا ہے، سیف الملوک میں ہے(۳۰):

شاہ چراغ ہوئے اک سید دیوا دین دنی دا دھنی ملک مکان اونہاں دا شہر چوہان سنیندا
ہر ہر سخن انہاندا سوہنا موتی بحر صفائیوں جیوں دلبر دا چہرہ روشن جوبن وات خدائیوں
سیوک خاص انہاندا ہویا دونی چند رزادہ بازی جت سخن دی اس بھی کہے کبت زیادہ

شاہ چراغ معروف بہ شاہ چن چراغ مشہدی: آپ موضع سید میں شاہ عبدالخیر کے ہاں پیدا ہوئے۔(۳۱) آپ کے احوال کے سلسلہ میں جو ثانوی مآخذ نظر سے گزرے ہیں وہ رطب و یابس سے بھرپور ہیں، البتہ شاہ محمد غوث قادری (م ۱۱۵۲ھ) اور شیخ عبداللہ سہام کی آپ سے ملاقات ہوئی۔ شاہ محمد غوثؒ نے آپ کے بارے لکھا ہے کہ:

> ''شاہ چراغ عزیزی کہ در پوپ ہاری بودند اوشان ہم در پشاور آمدہ بوند، مدتے صحبت اوشان دست دادہ در طریقۂ قادریہ بودند و با دعیہ و دعوت اسماء و شغلِ قلب مشغول بودند و بر فقیر مہربان بودند و اکثر از طریقۂ خود نزد احقر بیان می فرمودند۔''(۳۲)

شیخ عبداللہ سہام کی بھی آپ سے ملاقات ہوئی انہوں نے لکھا ہے کہ:

> ''شاہ چراغ مجذوب در راولپنڈی دیدم کہ صاحبِ کشف بود اما از صحبتِ درویشان مجذوب احتیاط بہتر است و از خدمت تقصیر نباید کرد''۔(۳۳)

آپ کی وفات کے سلسلہ میں پروفیسر خانصاحب قاضی فضلِ حق (۱۸۸۷-۳۰ جولائی ۱۹۳۹ء) رقمطراز ہیں کہ:

> ''پنجاب نوٹس بابت ماہ اگست ۱۸۸۵ء میں ان کی وفات کا سال ۱۱۰۷ھ دیا ہے

مگر وہیں ان کی تاریخ وصال کا مادہ "باخدا پیوست جانِ او" دیا ہے جس کے اعداد ۱۱۴۷ھ ہوتے ہیں اسی جگہ ایک اور مادۂ تاریخ دیا ہے۔

دلے دور از چراغ ار کردہ باشی

ز فوت شاہ باہنر شناسی (کذا)

یعنی چراغ کے اعداد ۱۲۰۴ سے اگر "دلے" کے اعداد ۴۴ نکالے جائیں تو ۱۲۰۴-۴۴=۱۱۶۰ ہجری سالِ وفات ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔" (۳۴)

داستانِ گکھڑاں کی روایت کے مطابق آپ ذیقعد ۱۱۴۰ھ کے بعد تک بھی حیات تھے۔ (۳۵) آپ کا مزار راولپنڈی شہر کے محلہ شاہ چن چراغ میں زیارت گاہ خلایق ہے۔ پروفیسر خانصاحب نے اپنی مملوکہ بیاض جوان کے چچا حکیم نورالدین کی مکتوبہ (کتابت ۱۲۸۲ھ) ہے سے آپ کا گیارہ بند کا ایک گیت نقل کیا ہے۔ اس گیت کے ہر بند کے ٹیپ کا مصرعہ ایک لوک گیت سے ماخوذ ہے جبکہ بقیہ کلام شاہ چن چراغ کا ہے۔ نمونہ کلام (۳۶):

اٹھ جاگ مہراجا جاگ کیوں چر لایا ای

دونے مال جنہاں نے کیتے کوچ کیتے لد بھار سلیتے

جامے عملاں دے گل سیتے خوب بازار لگایا اے

اٹھ جاگ مہراجا جاگ کیوں چر لایا ای

سن توں یار عزیز پیارا عملاں اتے ہوگ نتارا

ایہ قصہ کل حشر داسارا شاہ چراغ سنایا اے

اٹھ جاگ مہراجا جاگ کیوں چر لایا ای

شاہ چراغ فقیر نماناں سیداں اندر تھاں نکاناں

اوس پر ہویا فضل رباناں نبی شفیع لیایا اے

رائے زادہ رتن چند: آپ بھی گلیانہ کے رائے زادوں کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور رائے زادہ سلامت رائے کے فرزند تھے اور سردارانِ اٹاریوالہ کے منشی۔(۳۷) ان کی مختصر تالیف **کرسی نامۂ گوجران** (جو گوجرانِ بجرانہ کے شجراتِ نسب پر مشتمل ہے) میں ان کا ایک منظوم پنجابی دیباچہ ملتا ہے۔اس کا پہلا شعر ہے کہ

سوریں ـــ صاحب ـ فضلیں داتا

گھٹ گھٹ (۳۸) بسے تے کسے نہ جاتا (۳۹)

پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں رتن چند کی پنجابی شاعری کا ایک قلمی نسخہ (شمارہ:۶۰۰/۳۶۲۳) موجود ہے جو **باراں ماہ/سی حرفی/سی حرفی ہیر رانجھا** پر مشتمل ہے۔(۴۰) سر دست چونکہ نسخہ پیشِ نظر نہیں اس لیے مذکورہ بالا رتن چند سے اس کا انتساب وثوق سے ممکن نہیں۔اگر چہ فہرست میں جو نمونہ کلام دیا گیا ہے اس کی 'لفظالی' سے البتہ گمان ہوتا ہے کہ یہ رائے زادہ رتن چند کا ہی کلام ہے۔آپ کی دیگر تصانیف میں **خالصہ نامہ** (آغاز ۱۸۹۹ب۔تکمیل ۱۹۰۰ب)(۴۱)، **روپ نامہ** (۱۵ بیساکھ ۱۸۹۷ب)(۴۲) شامل ہیں۔جبکہ ڈاکٹر خضر عباسی نوشاہی کا گمان ہے کہ **انتخاب تواریخ ہندوستان** (۴۳) اور **تواریخ دھنیالاں** (۱۸۹۷ب)(۴۴) بھی رائے زادہ رتن چند کی ہی تالیفات ہیں۔(۴۵)

میاں عبداللہ سہام: آپ حاجی عبداللہ قادری معروف بہ دیوان حضوری کے خلیفہ شیخ عبدالقادر سہام (۴۶) کے پوتے تھے۔(۴۷) ۱۰۸۹ھ کو موضع جلہاری میں پیدا ہوئے (۴۸)، ،ابتدائی تعلیم والدین سے حاصل کی، بعدازاں چودہ سال کی عمر تک علمِ نظم و فقہ کی تحصیل کی، انھی ایام میں آپ کے والدِ گرامی وفات پا گئے، والد کے انتقال کے بعد آپ نے کارِ معلّمی کو ذریعۂ معاش بنایا۔سولہ سال کی عمر میں اپنے چچا شیخ محمد عاشق (م ۱۱۳۳ھ) سے بیعت ہوئے اور بارہ سال تک سخت ریاضات و مجاہدات کیے، شیخ نے آپ کو خلافت سے نوازا اور اپنا جانشین مقرر کیا۔شیخ کے وصال کے بعد آپ نے سفر اختیار کیا اور قرب و جوارِ راولپنڈی میں مقیم شاہ جیون

جن کی عمر اس وقت ایک سو بیس سال تھی ان سے ملاقات کی، پھر پشاور تشریف لے گئے اور شاہ محمد غوث پشاوری سے ملے، بعدازاں پشاور ہی میں شیخ محمد اعظم جن کا لقب صدر الدین تھا انکی خدمت میں ۱۸ ماہ مقیم رہے اور ان سے بھی خلافت پائی، پشاور میں ہی شیخ عبدالغفور کشمیری کے مزار پہ حاضری دی۔واپسی پہ اسلام آباد و راولپنڈی میں شاہ عبداللطیف ملقب بہ امام بری (م ۱۱۲۲ھ) اورشاہ چمن چراغ سے ملاقات کی۔اس کے بعد شیخ محمد یوسف کی ملاقات کے لیے میر پور (آزاد کشمیر) تشریف لے گئے اور وہاں شیخ یوسف اور ان کے صاحبزادے شیخ غلام محی الدین (صاحب **گلزار فقر**) سے ملاقات کی۔شیخ یوسف نے آپ کو واپس گھر جانے اور والدہ کی خدمت کرنے کا حکم فرمایا۔علاوہ ازیں آپ شیخ عبدالرسول قادری سیالکوٹی اور اپنے ہم قوم شیخ محمد الیاس سے بھی مستفیض ہوئے۔(۴۹) آپ کی شاہ مراد خانپوری (م ۱۱۱۴ھ) سے بھی دوبار ملاقات ہوئی۔(۵۰) آپ فارسی، اردو اور پنجابی کے قادر الکلام شاعر تھے، اب تک آپ کی دو تصانیف اور کچھ متفرق کلام دریافت ہوا ہے؛ تصانیف میں ایک تو **اسرارالمحبت** (نثر، فارسی، مؤلفہ ۱۱۵۹ھ) اور دوسری اردو مثنوی **گلزار محبت** (مؤلفہ ۱۱۶۱ھ) ہے۔اوّل الذکر کا قلمی نسخہ خانقاہِ سلطانیہ کالا دیو جہلم کے کتابخانہ میں، جبکہ ثانی الذکر کے دو قلمی نسخے راقم کے کتابخانہ میں ہیں۔اب تک کی تحقیق کے مطابق آپ تحصیل کے قدیم ترین اردو شاعر ہیں۔مندرجہ بالا احوال تو آپ کی تالیف **اسرارالمحبت** سے ماخوذ تھے، جب کہ دیگر ذرائع سے حاصل شدہ معلومات کے مطابق حاجی عبداللہ قادری کے خلیفہ شیخ عبدالقادر سہام کے سات بیٹے تھے یعنی میاں دوست محمد، میاں صالح محمد، میاں غوث محمد، میاں جان محمد، میاں محمد افضل، میاں محمد مخدوم الملک اور میاں محمد عاشق صابر۔(۵۱) آپ میاں دوست محمد کے صاحبزادے تھے۔(۵۲) نمونہ کلام (۵۳):

دین دنی وچہ جھنڈا تیرا سید عرب عجم دا توں　　تدھ جیہا کوئی پیر نہوسی واقف لوح قلم دا توں

ہر تختی وچہ شامل تو ہیں کاشف کلی غم دا توں　　نور بھریا دیدار سوایا صاحب لطف کرم دا توں

غوث الاعظم! کر خصماناں بکاراں گنہگاراں پُر

میاں محمد فتوح: آپ موضع جلہاری کے رہنے والے تھے اور دیوان شاہ عبدالباقی کی اولاد میں سے تھے۔ تفصیل کچھ یوں ہے کہ شاہ عبدالباقی کے پانچ فرزند تھے: شاہ نوراللہ، میاں عبدالوہاب، میاں عنائیت اللہ، میاں عبدالواحد اور میاں امان اللہ۔ (۵۴) ان میں سے میاں عنائیت اللہ کے تین فرزند ہوئے، میاں محمد سعید، میاں عبدالباری اور میاں محمد عابد، ان میں میاں محمد سعید کے ایک ہی صاحبزادے ہوئے یعنی میاں محمد فضل اور میاں محمد فضل کے آگے دو فرزند ہوئے یعنی میاں محمد کامل اور میاں محمد فتوح۔ (۵۵) میاں فتوح کے آگے پانچ فرزند ہوئے: محمد افضل، دوست محمد، محمد حامد، محمد رؤف اور نسیم الدین۔ میاں فتوح تیرہویں صدی کے آخری عشروں میں حیات تھے۔ آپ کی تصنیف قصہ سسی کے دو نسخے راقم کے کتابخانہ میں ہیں جن میں سے ایک موضع گنگال (تحصیل راولپنڈی) کے قاضی محمد ارشد (۲۰ شوال ۱۱۹۲-۱۲۷۲ھ) کا اور دوسرا موضع گنگال ہی کے قاضی محمد علی (۷ ذیقعد ۱۲۵۲-۱۹ شعبان ۱۳۲۱ھ) جو خود بھی پنجابی کے بہت اچھے شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ بلند پایہ کاتب اور عالم تھے کا مکتوبہ ہے۔ دونوں کاتبوں کو شاعر نے قصہ خود املا کرایا۔ نمونہ کلام (۵۶):

سسی سول پیا وچ سینے درد پنوں دے ولی
حالوں تھی بے حال نمانی بجھ ہوتاں ول چلی
پکڑے ماء سسی دے پلے، سیئے! تھی نہ جھلی
نال عذاباں پوگھے تسی مریں جان مکلی

رائے زادہ عزت رائے: رائے زادہ دونی چند کے خاندان سے تھے، بعد ازاں گلیانہ سے خانپور منتقل ہوگئے۔ آپ نے گکھڑوں کی دھن ملوکی پہ لشکر کشی کو وار کے نام سے منظوم پنجابی اور نثر فارسی میں رقم کیا۔ (۵۷) نمونہ کلام (۵۸):

تاں پھر کسراں تھیں کوچ ہویا ہن سٹ خبر قراراں
چھپن شیر ڈرن وچ چھلاں ہیبت مرگ ملیاراں

جنگل دے وچ پنچھی ڈردے خوف پیا وچ ڈاراں

نورنگ چک پے آ ڈیرے کوچ کیتا سرکاراں

میاں محمد زمان مستالوی: آپ موضع مستالہ کی اعوان برادری میں میاں امام بخش کے ہاں پیدا ہوئے۔(۵۹) آپ اپنے عہد میں معروف عالم، ماہر کاتب اور پنجابی کے اچھے شاعر تھے۔آپ کے مجموعہ ہائے کلام کے قلمی نسخے کتابخانہ گنج بخش اسلام آباد میں ہیں جبکہ ان کا برقی عکس راقم کے کتابخانہ میں موجود ہے۔نیز آپ کے مکتوبہ تین درجن سے زاید پنجابی نسخہ ہائے خطی بھی کتاب خانۂ مذکورہ بالا میں ہیں۔(۶۰)۱۶فروری ۱۸۹۵ءکو آپ نے وفات پائی، موضع مستالہ میں مدفون ہیں۔(۶۱)

میاں محمد بخش پنڈوری: آپ معروف عالم اور صوفی تھے،سلسلہ سہروردیہ میں شیخ احمد تارہ بلی (م۱۳رجب ۱۲۷۸ھ) جو میاں محمد بخش قادری کے بھی شیخ استفاضہ ہیں سے بیعت و خلافت سے سرفراز تھے۔عارف کھڑی نے اپنی معروف تالیف **ہدایت المومنین(=ہدایت المسلمین)** آپ ہی کی فرمائش پہ ترتیب دی تھی۔(۶۲) آپ کی ایک منظوم پنجابی تصنیف **جامع سوالات** کا نسخۂ خطی راقم کے کتب خانہ میں ہے۔۱۳ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ کو آپ کا وصال ہوا،موضع پنڈوری (جسے آج کل پنڈوری میاں صاحب کہتے ہیں) میں مدفون ہیں۔تحصیل کے معروف علماء مفتی محمد یوسف پنڈوروی، میاں محمد عبداللہ پنڈوروی آپ ہی کے صاحبزادگان تھے۔(۶۳)

منشی الٰہی بخش نقشبندی: آپ موضع ہل بھگام کے رہنے والے تھے۔(۶۴) آپ کی نسبتِ بیعت خواجہ احمد جیو عثمانی روپڑی (م۱۴شوال ۱۲۸۴ھ) سے تھی۔(۶۵) **تحفۂ قادریہ** (جو شیخ عبداللہ قادری معروف بہ دیوان حضوری اور ان کے سجادگان کے احوال پر مشتمل ہے) آپ کی منظوم پنجابی تالیف ہے جو۱۲۹۴ھ کو تالیف ہوئی اور اسی سال مسلم پریس دہلی سے باہتمام غلام احمد بریاں شایع ہوئی۔(۶۶) **تحفۂ قادریہ** میں ہی آپ نے اس کے

مزید چار نام بھی لکھے ہیں: دیوانِ عرفانی/ صیقلِ عرفانی/دیوان العارفین/ صیقل العارفین۔(٦٧)

میاں شرف علی نوشاہی: آپ موضع موہری کھتریل کی اعوان برادری میں پیدا ہوئے۔ آپ کی نسبتِ بیعت میاں محمد جی نوشاہی سچیاری معروف بہ گھیبی والے پیر (مدفون: پنڈی گھیب) سے تھی نیز آپ ان سے خلافت سے بھی سرفراز ہوئے۔(٦٨)علاوہ ازیں آپ کے پیرا کبر علی نوشاہی معروف بہ چنبی والی سرکار (م ٢رمضان ١٣٠٥ھ/سنگھوئی/ضلع جہلم) کے ساتھ بھی نیاز مندانہ مراسم تھے۔آپ نے ٦ محرم ١٩١٤ء کو موضع جرموٹ کلاں میں وفات پائی، جہاں آپ کا مزار زیارت گاہِ خلایق ہے ۔آپ کا کلام ابھی تک غیر مطبوعہ ہے،درج ذیل مجموعۂ ہائے کلام آپ کے نبیرہ صاحبزادہ محمد رضوان نوشاہی کے پاس محفوظ ہیں اوران کا برقی عکس راقم کے کتابخانہ میں موجود ہے۔**شجرۂ نوشاہیہ سچیاری/بارہ ماہ محمدی/سی حرفی حضرت نوشہ حاجی گنج بخش مع باراں ماہ نوشہ و باراں ماہ محمدی** (ناقص الآخر)۔آپ کی ایک اورسی حرفی (نامکمل) کا قلمی نسخہ راقم کے کتب خانہ میں، جب کہ **شجرۂ نوشاہیہ سچیاریہ** (بخطِ پیر فضل حسین) صاحبزادہ شاہد الحسن مہر کے پاس ہے۔آپ نے دو شادیاں کی تھیں اور آپ کی پہلی زوجہ سے آپ کے فرزند میاں صالح محمد بھی پنجابی کے کہنہ مشق شاعر تھے۔یہ سنگھوئی والے پیر سلطان علی نوشاہی (م ١٣ صفر ١٣٥١ھ) سے بیعت تھے ۔جب کہ دوسری بیوی کے بطن سے سجادہ نشین میاں فضل حسین نوشاہی (١٩٠٨- ١٩جنوری ١٩٨٨ء) بھی پنجابی کے زود گو شاعر تھے۔ دونوں حضرات موضع جرموٹ میں ہی میاں شرف علی کی خانقاہ کے احاطہ میں مدفون ہیں اوران کا تمام کلام ابھی تک غیر مطبوعہ ہے اور رضوان صاحب ہی کے پاس محفوظ ہے اور scanned form میں راقم کی لائبریری میں۔(٦٩)

حکیم شاہ ولی چشتی: ان کا ایک شعری مجموعہ نعت **گنجینۂ حیدری** کے نام سے ١٩١٤ء مطبع گلشنِ پنجاب راولپنڈی سے شایع ہوا تھا۔(اس کی ایک کاپی راقم کے کتابخانہ میں

ہے)مندرجاتِ مجموعہ کے مطابق آپ کا گوجر خان بازار میں مطب تھا اور جھنڈا(اب یہ واضح نہیں کہ یہ راولپنڈی والا جھنڈا ہے یا گوجر خان والا) کے رہنے والے تھے،نسبتِ بیعت سید غلام حیدرعلی شاہ جلالپوری (۳صفر۱۲۵۴-۶جمادی الآخر۱۳۲۶ھ) سے تھی۔کتاب کے آخر میں انہی کی درج ذیل تصانیف کی دستیابی کا اشتہار دیا گیا ہے۔: **نصائح ملفوظات/سی حرفی مع باراں ماہ نورالدین/گلدستۂ نصیحت** وغیرہ۔

پریم کور باسِتھ: ان کے پانچ مجموعۂ ہائے کلام۱۹۲۲ء میں بخشی گوردت سنگھ وآتما سنگھ کے زیرِ اہتمام گوجر خان سے شائع ہوئے تھے۔ان میں **چرخے دی گھوک** (۸صفحات) کھدر پوشی کے حق میں لکھا گیا۔(۷۰) **کالی دستار** (۸صفحات) کالی پگڑی باندھنے کی تلقین اور سکھ اندولن میں شرکت کی ترغیب پہ مشتمل ہے۔(۷۱) **سوراجی چرخہ**(۷۲)/**موسمی کھدر** (۷۳)/**میرا پیارا کھدر** (۷۴)،یہ تینوں مجموعے بالترتیب چار چار صفحات پر مشتمل ہیں اور ان میں کھدر پوشی کی تلقین کی گئی ہے،یہ پانچوں مجموعہ ہائے کلام 'انڈیا آفس لائبریری لندن' میں کیٹلاگ نمبر K5D53 کے تحت موجود ہیں۔

قاضی فضل الدین لوودی: آپ یکم محرم ۱۲۸۰ھ کو موضع لودے کی اعوان برادری میں پیدا ہوئے۔تحصیلِ علوم اپنے والدِ گرامی قاضی محمد نور نوری سے کی جو خواجہ محمد نامدار نتھیالوی (م ۷ جمادی الاول ۱۲۵۹ھ) کے خلیفہ تھے۔ان کی نسبتِ بیعت خواجہ فقیر محمد چوراہی (۱۲۱۳۔ ۲۹محرم ۱۳۱۵ھ) سے تھی نیز آپ ان کے خلیفۂ مجاز بھی تھے۔علاوہ فتاوئی جات اور ایک تصنیف **حجرۂ نورانی** کے دو پنجابی شعری مجموعے **معجزہ حضرت سلیمان علیہ السلام المعروف بہ قصہ مہر مشرقی و ماہِ مغربی** اور **سلک الجواہر** بھی آپ کی یادگار ہیں۔۳۰ شعبان ۱۳۴۱ھ/ ۱۶اپریل ۱۹۲۳ء کو آپ نے وفات پائی اور موضع لودے میں دفن ہوئے۔(۷۵)

میاں احمد شیخ خاکی: آپ موہری راجگان میں میاں محمد عقلدین صوفی (م ۱۵جمادی الثانی ۱۳۱۴ھ) کے ہاں شیخ برادری میں پیدا ہوئے۔آپ کے شجرۂ نسب میں

چودہویں پشت پہ شیخ عبداللہ (جوایک پنڈت تھے) نے اسلام قبول کیا۔آپ نے علوم متداولہ کی تحصیل موضع گنج کمالہ (ضلع ہزارہ) میں اوراپنے مرشد میاں محمد بخش پنڈوروی سے کی۔آپ بلند پایہ عالمِ دین ہونے کے ساتھ ساتھ معروف کاتب بھی تھے۔۲۱ نومبر ۱۹۲۴ء کوآپ کا انتقال ہوا،موہری میں مدفون ہیں۔آپ کی درج ذیل (منظوم) تصانیف اب تک سامنے آئی ہیں جو ابھی تک غیر مطبوعہ ہیں: وردالرحمۃ (پنجابی)/رسالہ ترغیب السنّت لب تراشی و قامع بدعت ریش تراشی (پنجابی/۱۳۲۲ھ)/ مجموعہ موعظۃ للمتقین ترجمہ احادیث سیدالمرسلین ﷺ (پنجابی/۱۳۳۳ھ)/ قصہ نائی وحسنِ ماہی (پنجابی/۱۳۳۷ھ)/نسب نامہ راجگان بھکوخانیہ (پنجابی/۱۳۴۰ھ)/ قصہ ہجرت نبی ﷺ (پنجابی)/ داغِ ہجرت (اردو)، گلدستہ سیدان عالی شان مجمع البحرین لولوحسنین (پنجابی/ ۱۳۴۱ھ)/سی حرفی ومتفرق کلام (۷۶)/ہدیہ حزب اللہ محمد رسول اللہ (اردو/ یکم شعبان ۱۳۱۴ھ)/ہدیہ والدین (پنجابی/ ۱۵ شعبان ۱۳۴۱ھ)(۷۷)

ہیڈ ماسٹر صدرالدین: آپ موضع مونگڑ میں شیر علی کے ہاں بھٹی راجپوت برادری میں پیدا ہوئے۔آپ محکمۂ تعلیم سے وابستہ تھے اور گورنمنٹ ورنیکلر مڈل سکول مسہ کسوال سے بطور ہیڈ ماسٹر ریٹائر ہوئے۔پوٹھوہار کے معروف شعرخوان راجہ خوشحال خان (اندازاً ۱۹۰۰ء-۳۱ مارچ ۱۹۹۰ء) کے بچپن میں یتیم ہوجانے کے بعد ان کی کفالت کی ذمہ داری آپ نے لی، انہیں اپنے گھر رکھا اور تعلیم کیساتھ ساتھ شعرخوانی بھی سکھائی۔صدالدین پنجابی کے منجھے ہوئے شاعر بھی تھے،۲۹ اگست ۱۹۳۲ء میں وفات پاکر موضع مونگڑ میں ہی دفن ہوئے۔(۷۸)

مولوی محمد رمضان نقشبندی: موضع سکھو میں فضل الدین کے ہاں پیدا ہوئے۔ انڈین آرمی میں ملازم رہے،ان کی نسبتِ بیعت سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری (م ۲۷ ذیقعد ۱۳۷۰ھ) سے تھی اور یہ ان کے مقرب مریدین میں سے تھے،نیز پیر مہر علی شاہ گولڑوی (یکم رمضان ۱۲۷۵-۲۹ صفر ۱۳۵۶ھ) سے بھی آپ کے علمی روابط تھے۔ان کا ایک مجموعہ سی حرفی مع دوہڑہ جات جنڈری ۱۹۳۲ء میں شائع ہوا تھا۔انہوں نے ۱۹۳۴ء میں وفات

پائی، موضع سکھو کے قدیم قبرستان میں دفن ہوئے۔(۷۹)

مولوی عبدالکریم: آپ موضع گلیانہ کے رہنے والے تھے، ۲۹ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ کو آپ کی ۱۶ صفحات پر مشتمل منظوم پنجابی تصنیف ہدایتہ المسلمین عرف **مٹھی روٹی** منشی عزیز الدین ، نجم الدین تاجران کتب لاہور نے باہتمام مولوی محمد بخش تھرڈ ماسٹر مڈل سکول گلیانہ شائع کی تھی۔آپ نے ۱۹۳۴ء میں وفات پائی اور گلیانہ ہی مدفون ہیں۔

آغا سید سکندر شاہ گیلانی: آپ پشاور میں مدفون سید مقبول حسین گیلانی معروف بہ شاہ قبول اولیاء (م ۱۱۱۷ھ) کی اولاد میں سے تھے اور میر سید حسین شاہ کے ہاں پیدا ہوئے۔ ان کی ایک سی حرفی **گل فنا** مرکنٹائل الیکٹرک پریس راولپنڈی سے جون ۱۹۳۴ء میں شائع میں ہوئی۔آپ نے ۱۹۳۵ء میں وفات پائی، سکھو میں درگاہِ شیخ سعدی معروف بہ دیوان شیخ شادی (م ۱۱۷۰ھ) کے جوار میں مدفون ہیں۔

سید محمد چنن شاہ نجفی: آپ سید رنگ علی شاہ کے ہاں موضع بجرانہ میں پیدا ہوئے۔آپ کی نسبتِ بیعت قاضی سلطان محمود قادری (م ۱۹۱۹ء) سے تھی نیز آپ ان سے خلافت سے بھی سرفراز تھے۔(۸۰) علاوہ ازیں آپ اپنے نانا سید گلاب شاہ مشہدی (م ۹ ذی الحجہ ۱۳۰۸ھ) کے سجادہ نشین بھی تھے۔**رجسٹر کارروائی انجمن ساداتِ گوجر خان ضلع راولپنڈی** میں آپ کا سن وفات اپریل ۱۹۲۸ء مرقوم ہے۔(۸۱) جب کہ بقول اختر امام رضوی ستمبر ۱۹۳۸ء میں آپ کا انتقال ہوا۔آپ نے **تحفۂ رسولی** میں اپنی درج ذیل تصانیف کا ذکر کیا ہے۔

کلام منظوم: میلے (مطبوعہ)، جھگڑا حقہ و کوزہ (مطبوعہ/۱۹۱۰ء) (۸۲)/ فریادِ غم (مطبوعہ/۱۹۱۳ء) (۸۳)/ جانی دی فریاد، تحفہ جلالپوری/ تحفہ دربار گولڑہ (مطبوعہ/۱۹۲۳ء)/ تحفہ آودانی/ سی حرفی مدح حضرت علی/ کلیات (منظوم خطوط/ سوالات وجوابات)/ قصہ سسی پنوں/ قصہ ہیر رانجھا/ تحفۂ رسولی (مطبوعہ/۱۹۲۱ء) (۸۴)

نثر: شجرالاخضر/ قول سدید/ مسئلہ طاعون/ سوانح عمری سائیں کرم بخش/ سوانح عمری

گلاب شاہ مشہدی (۸۵)۔آپ کا کچھ کلام چشمۂ نور (مرتبہ،سید نور اللہ سیالکوٹی) میں بھی شایع ہوا تھا۔(۸۶)

سید زمان علی شاہ کربلائی: آپ ٹھاکرہ موہڑہ میں سید شیر علی کے ہاں پیدا ہوئے۔آپ علاقہ بھر میں معروف شیعہ عالم نیز پنجابی زبان کے شاعر تھے۔آپ کی ایک تصنیف منبع الاوصاف ۱۸۸۸ء میں لاہور سے شایع ہوئی جبکہ منظوم پنجابی تصنیف **گلبدن نونہال** ۱۹۰۹ء میں شایع ہوئی۔۱۰ صفر ۱۳۵۷ھ کو آپ نے وفات پائی اپنی ہی بنائی ہوئی امام بارگاہ میں دفن کیے گئے۔

شوداس: آپ موضع ہرنال کے رہنے والے تھے،استاد الشعراء غریب چند ساکن کاکا (تحصیل کہوٹہ) نے بطور معاصر شاعر آپ کا ذکر کیا ہے۔(۸۷)

مہر بخش: غریب چند نے بطور شاعر، گوجرخان آپ کا ذکر کیا ہے(۸۸)، نیز ۱۹۳۶ بکرمی میں آپ کے اور غریب چند کے درمیان اشعار میں سوالات و جوابات کا مقابلہ ہوا تھا،مہر بخش کا ایک چومصرعہ کلامِ غریب چند میں شامل ہے۔(۸۹)

امام بی بی: موضع خصالہ (تحصیل راولپنڈی) میں پیدا ہوئیں۔ان کی شادی موضع کنیال کے فتح مہدی (م ۱۹۷۲ء) سے ہوئی۔ان کے نوجوان بیٹے عبدالرحمٰن کی اچانک موت ان کی سخن گوئی کا سبب بنی۔دسمبر ۱۹۴۶ء میں وفات پائی،موضع کنیال میں ہی مدفون ہیں۔انکی ایک سی حرفی ملک محمد اشرف کلریالوی کی مرتبہ مدح غوث پاک میں شامل ہے۔(۹۰) سائیں نادر خان زار کے مرتبہ مناظراں شاعراں (قلمی) میں بھی ان کا ایک چومصرعہ شامل ہے۔جبکہ ان کا خاصا کلام ان کے لواحقین کے پاس موجود ہے۔نمونہ کلام (۹۱):

الف: الف نوں میم دی طلب ہوئی تائیں زلف دی جھلک دکھان آیا
دیوا کن فیکون دا بال کے تے نال ذات دے ذات ملان آیا

اس نور حضور دی دیگ اندر جامہ عشقِ حقیقی رنگاں آیا

بین ماریئین دی مام بی بی!،'' خاطر ہیر دی جھنگ مہمان آیا''

مولانا عبدالعزیز چشتی نگانگلوی: موضع نگانگل کے رہنے والے تھے، گوجر خان شہر میں خوجیانوالی مسجد میں امام تھے۔ان کی نسبتِ بیعت پیر مہر علی شاہ گولڑوی سے تھی۔ان کا سولہ صفحات پر مشتمل مجموعۂ کلام مجموعۂ غزلیات (= کافی غزلیات درشانِ حضرت گولڑوی) اندر پریس سیالکوٹ سے شایع ہوا تھا۔

محمد الدین: یہ کارخانہ انگریزی مٹھائی گوجر خان میں کام کرتے تھے، ان کی نسبتِ بیعت حافظ عبدالکریم نقشبندی (۷ جمادی ۱۲۶۴-۲۸ محرم ۱۳۵۵ھ) سے تھی، انہی کی مدح میں آٹھ صفحات اور سولہ بندوں پر مشتمل ایک طویل نظم فراقِ مرشد کے نام سے لکشمی آرٹ سٹیم پریس راولپنڈی سے شایع ہوئی تھی۔

منشی محمد حسین چشتی: آپ موہڑہ دھمیال میں مغل دھمیال برادری میں پیدا ہوئے۔پولیس میں محرر تھے اور نسبتِ بیعت پیر مہر علی شاہ گولڑوی سے تھی۔ان کا ایک مجموعہ ہدیۂ احمدی، ۱۹۲۲ء میں شانتی سٹیم پریس راولپنڈی سے ہوا تھا۔آپ نے ستمبر ۱۹۴۹ء میں وفات پائی اور موہڑہ دھمیال میں دفن ہوئے۔

پیرزادہ غلام حیدر قریشی مخدومی: آپ بارہ مولا (مقبوضہ کشمیر) میں پیر جمال الدین کے ہاں پیدا ہوئے۔۱۹۰۱ء سے قبل بوجوہ ہجرت کر کے موضع سکھو میں آ کر رہائش پذیر ہوئے۔اسلامیہ سکول سکھو کے قیام میں آپ کا کردار نہایت مرکزی رہا، ان کا آٹھ صفحات پر مشتمل ایک مختصر مجموعہ **ماہی مدینے والا یعنی ماہیا شریعت**، لکشمی آرٹ سٹیم پریس راولپنڈی سے شایع ہوا تھا۔جبکہ غیر مطبوعہ تمام کلام ان کے اخلاف کے پاس موجود ہے۔آپ نے ۲۴ اپریل ۱۹۵۰ء کو وفات پائی اور موضع سکھو میں ہی دفن ہوئے۔ان کے فرزندِ اکبر عبدالقیوم قریشی مرحوم (گوجر خان) پنجابی زبان کے اچھے شاعر تھے، ان کا کلام بھی ابھی تک غیر مطبوعہ ہے۔(۹۲)

قاضی ولی محمد قطبالوی: آپ قاضی غلام نبی کے ہاں موضع قطبال میں پیدا ہوئے، نسبتِ بیعت پیر مہر علی شاہ گولڑوی سے تھی۔ آپ کی ایک منظوم پنجابی تصنیف **اُکل غراب** کا قلمی نسخہ بوکڑہ کے قاضی عبدالحفیظ کے کتابخانہ میں اور اس کی ایک نقل راقم (بخطِ قاضی عبدالحفیظ) کے کتابخانہ میں ہے۔ آپ کی یہ تصنیف دراصل معاصر عالم مولانا غلام یٰسین عرف مولوی تورا پرٹالوی کے ایک فتویٰ کہ جو دیسی کوے کی حلت پر مشتمل تھا کے رد میں ہے۔ (۹۳)

قاضی محمد عباس قریشی: آپ نادرعلی قریشی کے ہاں موہڑہ نگیال میں پیدا ہوئے، آپ کی نسبتِ بیعت سید غلام حیدرعلی شاہ جلالپوری سے تھی۔ ۷محرم ۱۹۵۰ء کو آپ نے وفات پائی، موہڑہ نگیال میں ہی مدفون ہیں۔ **سلسلہ خاندانِ چشتی نظامی حیدری** کے نام سے آپ کی مختصر تصنیف شایع ہوئی۔

مولانا محمد حسین قریشی چشتی: آپ موضع بہنیر کسوال میں قاضی الٰہی بخش کے ہاں پیدا ہوئے۔ آپ کی نسبتِ بیعت سید غلام حیدرعلی شاہ جلال پوری سے تھی، نیز آپ ان کے خلیفۂ اول بھی تھے۔ (۹۴) آپ پنجابی کے قادر الکلام شاعر تھے آپ کے پہلے شعری مجموعے **گلزار حیدری** کے آپ کی زندگی میں تین ایڈیشن شایع ہوئے۔ (۹۵) علاوہ ازیں **ارتحال حیدری یعنی فراقِ حیدری** اور **مدح خواجہ غلام حیدرعلی شاہ جلالپوری** بھی آپ کی حیات میں ہی اشاعت پذیر ہوئے۔ (۹۶) آپ کا خاصا غیر مطبوعہ کلام آپ کے پوتے قاضی برکات احمد کے پاس موجود ہے۔ نیز آپ کی ایک غیر مطبوعہ سی حرفی راقم کے کتابخانہ میں بھی ہے۔ اسی طرح آپ کا کچھ کلام **نفحات المحبوب** (مرتبہ، قاضی نور عالم لنڈپوری) میں بھی شامل ہے۔ ڈاکٹر احمد حسین قریشی قلعہ داری نے **پنجابی ادب کی مختصر تاریخ** میں ضلع راولپنڈی کے شعراء میں ان کا بھی ذکر کیا ہے۔ (۹۷) ۱۹ اگست ۱۹۵۳ء کو آپ نے وفات پائی اور موضع بہنیر کسوال میں دفن ہوئے۔ (۹۸) آپ کے فرزند قاضی محمد اسلم (م ۷ فروری ۱۹۸۵ء) بھی پنجابی کے شاعر تھے ان کی ایک غیر مطبوعہ سی حرفی کا مخطوطہ ان کے صاحبزادے قاضی برکات احمد کے پاس موجود ہے۔

مولوی محمد شفیع نقشبندی: آپ موضع باغ فقیریہ میں مولوی رحم علی نقشبندی (م ۱۳۱۰ھ) کے ہاں ارائیں برادری میں پیدا ہوئے۔درسِ نظامی کی چند ابتدائی کتب ہی پڑھ سکے۔ان کی بیعتِ اوّل خواجہ عبدالرب عثانی روپڑی (م ٦ رمضان ۱۳٦۲ھ/۱۹۴۳ء) سے ،جب کہ بیعتِ ثانی مولانا حسین علی نقشبندی (۱۹ ذیقعد ۱۲۸۳-۴ رجب ۱۳٦۳ھ) سے تھی۔کچھ عرصہ میاں احمدہ (تحصیل راولپنڈی) میں بطور امام مسجد رہے بعدازاں باغ فقیریہ میں واپس آگئے جہاں تا دمِ وفات باغبانی کیساتھ ساتھ گاؤں کی مسجد میں امامت کی اور بچوں کو قرآن پڑھایا۔آپ کی منظوم پنجابی تصنیف **سیف صدیقی** لکشمی آرٹ پریس راولپنڈی سے باہتمام مہتہ کشن چند موہن یکم مئی ۱۹۱۲ء کو شایع ہوئی تھی جو معاصر شاعر چنن شاہ نجفی کے **جھگڑا حقہ وکوزہ** کے جواب میں لکھی گئی۔ان کا یکم جنوری ۱۹٦۰ء کو انتقال ہوا،موضع باغ فقیریہ میں ہی مدفون ہیں۔(۹۹)

قاضی محمد شریف قریشی: آپ مولانا محمد حسین چشتی کے برادرِ خورد اور آرمی میں بطورِ پیش امام ملازم تھے۔ان کی نسبتِ بیعت سید غلام حیدر علی شاہ جلالپوری سے تھی۔۲۴ دسمبر ۱۹٦۲ء کو فوت ہوئے،موضع بھنیر کسوال میں ہی مدفون ہیں۔ان کی ایک سی حرفی **ارتحال حیدری یعنی فراقِ حیدری** کے ساتھ شایع ہوئی تھی۔(۱۰۰)

مولوی غلام رسول مسکین اعوان: یہ موضع رجوعہ کی اعوان برادری میں پیدا ہوئے۔والدین چونکہ بچپن میں ہی فوت ہو گئے تھے لہذا پرائمری تک ہی پڑھ سکے اور فوج میں ملازم ہو گئے۔۱۹۵۱ء میں بطورِ نایب صوبیدار ریٹائر ہوئے۔آپ کی نسبتِ بیعت امیر حزب اللہ سید محمد فضل شاہ جلال پوری سے تھی۔آپ کا ایک مجموعہ **برکاتِ حزب اللہ/نصیحت نامہ حیدری** جو یکم جمادی الثانی ۱۳۴۸ھ میں امان سرحد برقی پریس راولپنڈی سے شایع ہوا راقم کے کتب خانہ میں ہے۔اس کے آخری صفحہ پہ درج ذیل تصانیف کی دستیابی کا بھی ذکر ہے۔**گلستانِ فضلشاہ** (حصہ اول)/**گلستانِ فضلشاہ** (دوم)/**گلستانِ فضلشاہ** (سوم)/کرامات

حیدری مع معجزاتِ محمدی/ جھوک حیدری مع مسکین دادورنگہ چرخہ/ باغ حیدری کی ایک بھولی ہوئی بلبل/ فرمانِ حیدری مع عشق نبی۔ ۱۰ محرم ۱۳۸۸ھ/ ۱۹۶۸ء کو وفات پائی اور موضع رجوعہ میں ہی مدفون ہیں۔

غازی سائیں وارث علی اودم بری: یہ موہڑہ بجبیال داخلی ڈریال میں مولوی فضل الدین کے ہاں چوہان راجپوت برادری میں پیدا ہوئے۔ ان کی نسبتِ بیعت پیر سید حسن نقشبندی (م ۳ محرم ۱۳۴۷، بھاگ نگر/ سرائے عالمگیر) سے تھی۔ پنجابی شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ واعظ بھی تھے اور شاعری کو تبلیغی مقاصد کا صائب ذریعہ سمجھتے تھے۔ (۱۰۱) ان کی ایک سی حرفی منادی قیامت = جھنڈا اسلام کے ان کی حیات میں تیرہ ایڈیشن شائع ہوئے۔ جب کہ دوسری تصنیف وعظ احوالِ زمانہ = جاگو مسلمانوں قیامت نزدیک ہے میں بھی ان کا پنجابی کلام شامل ہے۔ (۱۰۲) اندازاً ۱۹۶۸ء میں وفات پائی۔ موہڑہ بجبیال میں ہی مدفون ہیں۔ ڈاکٹر قلعہ داری نے ضلع راولپنڈی کے پنجابی شعراء میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ (۱۰۳)

بھاگ خاں: یہ موضع نڑالی میں پیدا ہوئے، نسباً مغل تھے اور ان کی نسبتِ بیعت سید غلام حیدر علی شاہ جلال پوری سے تھی۔ آپ اپنے دور کے نہایت مقبول عوامی شاعر تھے۔ بیسویں صدی کے پہلے عشرے میں جب طاعون کی وبا آئی تو ان کا یہ مصرعہ بہت مشہور ہوا بلکہ آج بھی گردونواح میں زبان زدِ عام ہے:

ماریں آپ تے نام طاعون والا چوہے سٹنائیں ہر ہر مکان اندر

آپ کے معاصر شعراء الف دین (ترائی) اور کیشو بھٹ (نڑالی) سے شعری مقابلے ہوتے رہتے تھے۔ ۱۵ اپریل ۱۹۷۰ء کو آپ کا انتقال ہوا، نڑالی میں ہی دفن ہوئے۔ (۱۰۴)

سائیں نادر خان زار: آپ موضع کوری دولال میں فقیر محمد کے گھر مغل برادری میں پیدا ہوئے۔ آپ امی محض تھے، نسبتِ روحانی پیر محمد شاہ بخاری سے تھی۔ ان کی تصانیف میں سی حرفی چار یار امیر المومنین/ قصہ شیریں فرہاد/ مندری حضرت علی مع باراں ماہ مطبوعہ ہیں۔ جب

کہ درج ذیل قلمی نسخے بخطِ شاعر ان کے لواحقین کے پاس محفوظ ہیں اور Scaned form میں راقم کی ڈیجیٹل لائبریری میں۔ جھگڑا مقدمہ حقہ وکوزہ مع نیا حال زمانہ/ جھگڑا مقدمہ حقہ وکوزہ یعنی آولی وچلم مناظرہ کرون (نسخہ دیگر)/ بگے شیر دی نظم مع ڈالی/ مناظرہ شاعراں/ مدح منزلِ فقراء مع نورنامہ/ سی حرفی مدح پیر محمد شاہ بخاری/ سی حرفی دارالشفاء پنج تن/ سی حرفی شانِ قلندر/ سی حرفی شانِ محمدی/ سی حرفی در شانِ پیراں/ باراں ماہ وچھوڑا انور مع سی حرفی/ سہ سی حرفیاں/ قومی شاعری۔ ۱۶ دسمبر ۱۹۷۱ء کو ان کا انتقال ہوا، موضع کوری دولال میں ہی مدفون ہیں۔(۱۰۵)

مولانا باغ علی چشتی: آپ ۱۳۰۹ھ میں جناب نوائس علی کے ہاں ٹپیالی میں پیدا ہوئے۔ سلسلۂ نسب حضرت زبیر کے توسط سے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ تک پہنچتا ہے۔ مختلف علماء کرام سے علومِ دینی کی تحصیل کی اور بعدازاں ساری عمر تدریس میں صرف کی۔ آپ کی نسبتِ بیعت پیر مہر علی شاہ گولڑوی سے تھی۔ آپ کی سب سے پہلی تصنیف انتخاب المواعظ المعروف احسن المواعظ (منظوم پنجابی) ۲۵ برس کی عمر میں ۱۳۳۴ھ میں اسلامی اسٹیم پریس لاہور سے شائع ہوئی تھی۔ دیگر کتب میں سفینۃ النوح (مطبوعہ)/ مدح پیر (مطبوعہ) اور محبوب الواعظین (قلمی) شامل ہیں۔ ۱۵ ارجب ۱۳۹۷ھ/ ۲ جولائی ۱۹۷۷ء بروز ہفتہ کو آپ نے وفات پائی۔ موضع ٹپیالی میں ہی زیرِ خاک آسودہ ہیں۔ پوٹھوہار کے معروف پنجابی شاعر مولوی عبدالرحمٰن عبدل (م ۶ اگست ۱۹۹۸ء) آپ ہی کے صاحبزادے تھے۔(۱۰۶)

شیر علی تاباں: آپ اردو، پنجابی اور پوٹھوہاری زبان کے کہنہ مشق شاعر تھے۔ ۱۹۰۶ء میں غلام علی کے ہاں موضع گلیانہ میں پیدا ہوئے۔ ٹیچنگ کے ساتھ ساتھ آپ خاکسار تحریک کے نہایت سرگرم رکن تھے اور آپ کی کاوشوں کی بدولت تحصیل گوجر خان میں خاکسار تحریک کو بالخصوص اسکول کے اساتذہ میں کافی فروغ ملا، بانی تحریک علامہ عنایت اللہ خان مشرقی (۲۵ اگست ۱۸۸۸ - ۲۷ اگست ۱۹۶۳ء) بھی ایک بار گلیانہ تشریف لائے۔ آپ نے بچوں کے لیے

خضرِ راہ کے نام ایک مجموعہ ترتیب دیا جو ۱۹۶۲ء میں شائع ہوا تھا۔ پنجابی کے مؤقر جرائد میں آپ کا کلام نمایاں طور شائع ہوتا تھا، آپ کا خاصا غیر مطبوعہ پنجابی اور پوٹھوہاری کلام آپ کے صاحبزادے ولایت حسین تابانی کے پاس محفوظ ہے۔ آپ نے ۲۲ جنوری ۱۹۷۴ء کو وفات پائی اور گلیانہ میں مدفون ہیں۔ راقم کے نانا ماسٹر خورشید حسین (۱۹۱۰-۱۶ دسمبر ۱۹۸۵ء) کے ساتھ آپ کے گہرے مراسم تھے۔ راقم کے کتابخانہ میں نانا صاحب کے مکتوبہ "پیامِ مشرق" کے قلمی نسخہ کے آخر میں زاید ورق پہ تاباں صاحب کی نانا صاحب کے بارے درج ذیل رباعی مرقوم ہے، جس سے دونوں کی باہمی رفاقت کی گہرائی کا اندازہ ہوتا ہے:۔

آہ! میں کیسے تو ہو جاؤں
اپنے کو "خورشید" بناؤں
تجھ کو اپنے آپ میں دیکھوں
اپنے آپ میں تجھ کو پاؤں

مولوی مولاداد: اندازاً ۱۸۵۳ء کو موضع چیچی نور میں گاماں خان کے ہاں گوجر برادری میں پیدا ہوئے۔ آپ کی بیعت پیر مہر علی شاہ گولڑوی سے تھی۔ کاشتکاری کے علاوہ وعظ بھی کرتے تھے، تصانیف میں بہشتی کنجی، زلفِ رسول مطبوعہ جب کہ گلزارِ یوسف غیر مطبوعہ ہے۔ ۲۵ اپریل ۱۹۷۸ء کو آپ نے وفات پائی اور اپنے گاؤں میں ہی دفن ہوئے۔ (۱۰۷)

چوہدری فضل حق نصیر: آپ ۱۹۰۲ء میں موہڑہ ہیراں داخلی دریالہ سگن میں چوہدری بہادر علی خان کے گھر پیدا ہوئے۔ (۱۰۸) آپ کے والد نواب محمد بہاول خان بہاولپور کے پرائیویٹ سیکرٹری، انچارج تعمیرات اور اکاؤنٹنٹ جنرل رہے۔ فضلِ حق نے ابتدائی تعلیم بہاولپور میں حاصل کی ۱۹۲۲ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے اور ۱۹۲۴ء میں لاء کالج لاہور سے ایل ایل بی کر کے وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ ۱۹۲۸ء میں مقابلے کے امتحان پاس کر کے بطور

جج کئی اضلاع میں تعینات رہے۔۱۹۴۳ء میں فوج جوائن کی اور دہلی میں اسسٹنٹ ایڈ جوائنٹ جنرل تک ترقی کی،۱۹۴۶ء میں دوبارہ سول سروس میں واپس آ گئے۔آپ کی درج ذیل کتب طبع ہو چکی ہیں: کملی والا/چن تارے/سی حرفی آدم علیہ السلام/آیت الکرسی دا منظوم پنجابی ترجمہ/اللہ الصمد دی پنجابی تفسیر/سیرت الحبیب۔(۱۰۹) ۱۴/اگست ۱۹۷۸ء کو آپ نے وفات پائی،گلستان کالونی لین ۳ کے قبرستان میں مدفون ہیں۔(۱۱۰)

ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ: آپ ۱۷ مارچ ۱۸۹۹ء(۱۱۱) کو ماسٹر شیر سنگھ کے ہاں موضع سید میں پیدا ہوئے،آپ کے والد چونکہ موضع دیوی میں پڑھاتے تھے لہٰذا انہوں نے دیوی میں ہی سکونت اختیار کر لی تھی،یہی وجہ ہے کہ کتب میں آپ کی جائے ولادت موضع دیوی مرقوم ہے۔(۱۱۲) آپ نے ۱۹۳۲ء میں پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری لی،آپ کا یہ مقالہ ۱۹۳۳ء میں A History of Punjabi Litrature(1100-1932) کے نام سے سردار ہرکشن سنگھ پرنٹر اینڈ پبلشرز کے زیر اہتمام لاہور سے شائع ہوا تھا۔آپ کے بارے ڈاکٹر ہرنام سنگھ شان (پ ۱۹۲۳ء) نے لکھا ہے کہ:

> ."DR.MOHAN SINGH(1899-1984) was one of the most learned scholars and litterateurs of Punjab.He was a literary giant gifted with creative vision and critical insight. His vast knowledge of Vedanta,Yoga Shastra,Buddhism. Islamic Sufism, Hindu Bhakti, Sikh religion,and folk-tradition is evident from his published works.His mastery of English,Persian,Urdu,Hindi and Punjabi; working knowledge of Sanskrit, Apabhramsha and Arabic; and an amazing vocabulary stood him in good stead in earning him name and fame as an eminent intellectual of classical tradition.Mohan Singh was a prolific writer who wrote copiously in English,Urdu,Hindi and Punjabi with equal ease."[113]

۲۵ مئی ۱۹۸۴ء کو چندی گڑھ(مشرقی پنجاب) میں اس عظیم اسکالر،شاعر اور صوفی کا

دیہانت ہوا۔ (۱۱۴) اب تک کی تحقیق کے مطابق آپ تحصیل گوجر خان کے وہ پہلے فرد ہیں جنہوں نے پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری لی۔

شاہ ولی: موضع کنیال میں زمان علی کے ہاں چوہان راجپوت برادری میں پیدا ہوئے، سید چمن شاہ نجفی سے اصلاح لیتے تھے، آپ کی نسبتِ بیعت قادری سلسلہ میں سید محمود الگیلانی البغدادی سے تھی، آپ کا کل کلام اختر امام رضوی (کوٹ سیداں/گوجر خان) کے کتاب خانہ میں ہے۔ آپ نے ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۴ء کو وفات پائی۔ (۱۱۵)

حاجی امیر زمان کیالوی: آپ ۱۵ جنوری ۱۹۲۱ء کو فضل خاں کے ہاں موضع کیال کی اعوان برادری میں پیدا ہوئے۔ پرائمری پاس کرنے کے بعد مختلف مدارس میں زیرِ تعلیم رہے اور تکمیلِ علوم کی۔ عمر کا خاصا حصہ کھٹیالہ شیخاں میں درس و تدریس میں صرف کیا، آخری عمر میں گاؤں واپس آ گئے اور ۱۲ اکتوبر ۱۹۸۷ء کو وفات پائی۔ آپ عالمِ دین، حکیم ہونے کے ساتھ پنجابی کے شاعر بھی تھے۔ ان کی سی حرفی معرفتِ شریعت اور کچھ منظوم خطوط ابھی تک غیر مطبوعہ ہیں اور ملک محمد اقبال (کیال) کے کتب خانہ میں ہیں۔ (۱۱۶)

قاضی عزیز الرحمٰن: آپ میاں وہاب الدین کے ہاں موضع بجرانہ کی اعوان برادری میں پیدا ہوئے۔ کچھ عرصہ کالا باغ ضلع ہزارہ میں محکمہ کنٹونمنٹ میں ملازمت کی۔ ان کی چند سی حرفیاں اور کچھ منظوم مکاتیب بخطِ شاعر راقم کے کتب خانہ میں ہیں۔ ۲۴ جون ۱۹۸۹ء کو وفات پائی اور بجرانہ میں ہی دفن ہوئے۔

مولوی عبدالواحد عبدی: آپ حافظ غلام محمد کے ہاں بردیانہ میں پیدا ہوئے۔ آپ عالمِ دین ہونے کے ساتھ ساتھ معروف قصہ گو پنجابی شاعر بھی تھے، آپ کی نسبتِ بیعت خواجہ عبد الرب عثمانی سے تھی۔ بطورِ امام مسجد کئی مقامات پہ قیام پذیر رہے، آپ کے قصوں کے کئی ایڈیشن شائع ہوئے جو عوام میں خاصے مقبول ہوتے تھے۔ عمر کے آخری حصے میں موضع جاتلی کی مسجد میں امام تھے اور وہیں ۱۹۸۹ء یا ۱۹۹۰ء میں وفات پا کر دفن ہوئے۔ ان کی تیس کے قریب

مطبوعہ تصانیف راقم کی نظر سے گزری ہیں۔

زمان مہدی قاصر: ۱۳ جولائی ۱۹۱۶ء کو منشی محمد حسین چشتی کے ہاں موہڑہ دھمیال کی مغل دھمیال برادری میں پیدا ہوئے۔خالصہ ہائی سکول سکھو سے نہم تک تعلیم حاصل کی،بعدازاں فوج میں بھرتی ہوئے اور بطورِ حوالدار ریٹائر ہوئے۔آپ حزب الانصار (بھیرہ) کے نہایت سرگرم رکن تھے،آپ کا کلام حزب کے مجلّہ شمس الاسلام میں شایع ہوتا تھا نیز آپ ان کے اجتماعات میں بھی نظمیں پڑھتے۔آپ کی تین سی حرفیاں (سی حرفی یادگارِ خالد/سی حرفی فراقِ یوسف/سی حرفی شانِ رسالت) شایع ہوئیں بقیہ اردو و پنجابی کلام کے قلمی نسخہ جات راقم کے کتابخانہ میں محفوظ ہیں۔آپ نے ۷ جون ۲۰۰۱ء میں وفات پائی اور اپنے گاؤں میں ہی دفن ہوئے۔

محمد لطیف قمر: آپ ۱۰ مئی ۱۹۲۷ء کو مولوی فیروز خان (م ۱۱ مارچ ۱۹۹۱ء) کے ہاں موضع نڑالی میں پیدا ہوئے۔نڑالی سکول سے مڈل تک تعلیم حاصل کی اور ۱۹۴۲ء میں انڈین آرمی میں بھرتی ہو کر دوسری جنگِ عظیم میں شرکت کی۔کچھ عرصہ محکمۂ انسدادِ بے رحمی (کراچی) میں ملازمت کی۔آپ کی نسبتِ بیعت سلسلہ قادریہ سہروردیہ میں صوفی محمد نقیب اللہ شاہ (۱۸۹۶-۱۹۹۵ء) سے تھی۔آپ نے عملی سیاست میں بھی حصہ لیا اور کونسلر منتخب ہوئے۔ آپ خاصے زود گو شاعر تھے،اردو، فارسی اور پنجابی میں آپ کی تخلیقات ابھی تک غیر مطبوعہ ہیں ،ان کا خاصا غیر مطبوعہ کلام راقم کے کتابخانہ اور بقیہ ان کے فرزندِ سوم یسار مصطفٰی کے پاس محفوظ ہے۔۲۶ ستمبر ۲۰۰۱ء کو حرکتِ قلب بند ہو جانے سے ان کا انتقال ہوا۔نڑالی میں ہی نئے قبرستان میں زیرِ خاک آسودہ ہیں۔(۱۱۷)

ملک محمد اشرف کلریالوی: آپ ۱۹۴۴ء کو سمندر خاں کے ہاں موضع کلریالہ میں پیدا ہوئے،موضع سید ہائی سکول سے میٹرک کیا۔۱۸ اکتوبر ۲۰۰۵ء کو راولپنڈی میں انتقال ہوا ،اپنے آبائی گاؤں کلریالہ میں دفن ہوئے۔آپ نے چھوٹے بڑے کافی قصے اور مشائخ کی سوانح عمریاں تصنیف کیں۔

(III)

قیامِ پاکستان کے بعد تشکیل پانے والی شعری روایت پر احمد علی سائیں (م ۱۳اپریل ۱۹۳۲ء) کے خاصے اثرات نظر آتے ہیں، مگر اس کے ساتھ ساتھ، محراب خاور (پ ۳۱ جنوری ۱۹۴۴ء)(۱۱۸)، راجہ ولایت اظہر (پ ۱۸ اگست ۱۹۳۴ء)(۱۱۹) اور حنیف حنفی (پ ۶ جون ۱۹۵۲ء)(۱۲۰) نے رومی و اقبال سے استفادہ کرتے شعری سرمائے میں اہم اضافے کیے ہیں۔

بزرگ شعراء میں سید حبیب شاہ بخاری (بھائی خان)(۱۲۱) اور قاضی محمد رشید (موہڑہ امین) کا شمار کہنہ مشق اساتذہ میں ہوتا ہے۔اسی طرح جدید پنجابی شاعری میں اختر امام رضوی نہایت معتبر نام ہے، یوں ہی دولتالہ کے اختر دولتالوی کی شاعری سماجی ناہمواریوں کے خلاف ایک بھرپور مزاحمتی آواز ہے۔

ذیل میں ہم دیگر شعراء کی ایک مجمل فہرست پیش کر رہے ہیں تاکہ گوجر خان کی پنجابی شعری روایت کے تنوع کا اندازہ ہو سکے۔

لالہ صادق حسین (م ۴ اگست ۱۹۹۹ء، موہڑہ کھبل (۱۲۲)	نمبردار علی حیدر (موہڑہ سدھال)(۱۲۳)
نمبردار محمد حسن (بھیر کلیال)(۱۲۴)	راجہ زمرد حسین (جھانگی)(۱۲۵)
فاضل شایق نوشاہی (موہری برسال)(۱۲۶)	میاں کرامت حسین نوشاہی (م ۷ اگست ۱۹۵۰ء، جیرورتیال)
سید ساون شاہ (تنگدیو سیداں)	شیر زمان (۱۹۰۸-۱۰ اپریل ۱۹۸۲ء، بڑی فروزال)

مستری فضل خان (گوجر خان) (۱۲۷)	قاضی محمد افضل نوشاہی (م ۷ دسمبر ۱۹۸۶ء، ماہندر) (۱۲۸)
حاجی محمد سلیمان مستان (ڈھوک آہیر)	سراج دین (گوجر خان)
عبدالرزاق مخلص (م ۱۴ دسمبر ۱۹۹۳ء، ماہندر)	اعتبار حسین قاصر (م دسمبر ۲۰۰۱ء، ڈھوک ہاشو/ جنڈ نجار)
محمد بشارت ساقی (م ۲۹ مارچ ۲۰۰۳ء، ملکوال/ چنگا میرا)	سائیں عبدالرحیم رخیم (م ۱۰ دسمبر ۲۰۰۳ء، بھائی خان)
سجاول خان (۱۸۹۳-۱۳ اپریل ۱۹۶۳ء، پڑی)	عبدالحمید شمسی (سکھو)
حاجی محبوب حسین (موہڑہ کنیال)	شفیق فیضی (کلیال)
رفیع راز (چہاری بنگلہ)	محمد صدیق رمزی (جنڈ مہلو) (۱۲۹)
صاحبزادہ شاہد الحسن مہر شاہ نوشاہی (دھماں) (۱۳۰)	شبیر پرنم (م ۲۰۰۷ء، موہڑہ کھکھیاں)
قاضی ضیاء الحق (م ۱۱ جولائی ۱۹۹۳ء، چنگا میرا) (۱۳۱)	کرم الٰہی شیخ (م ۱۸ مئی ۱۹۹۸ء، آڑہ/ قاضیاں)
قاضی محمد ارشاد الٰہی لودوی (۱۹۱۷-۹ فروری ۱۹۸۵ء، لودے)	بابو محمد اکرم شہرت کلیامی (قطب فروزال) (۱۳۲)
جاوید شمشاد (پ ۱۴ اگست ۱۹۵۴ء، جنڈ نجار) (۱۳۳)	عدیل نازش (بھائی خان) (۱۳۴)
عبدالرحیم دلشاد نوشاہی (پیم) (۱۳۵)	محمد یحییٰ ناظر (چنگا میرا) (۱۳۶)

بابو غضنفر علی سجاد (دریالہ خاکی)(۱۳۷)	سلیم مرزا (گوجر خان)(۱۳۸)
مہتاب دین (موہری برسال)	میاں قاسم علی نوشاہی (جیرور تیال)(۱۳۹)
نثار یاور (قاضیاں)	ازرم خیام (گوجر خان)
خالد محمود (کوہل)	حسن دلگیر (منجوٹھ)(۱۴۰)
رفاقت علی نازش (منجوٹھ)	سجاد وسیم کیانی (دریالہ خاکی)
حنیف سیرت (تھاتھی)	سید تراب نقوی (تنگد یو سیداں)
اشفاق بادل (دلمی)	نذیر بشیر (مسہ کسوال)
سلیم رضا فاخر (ڈھوک ہاشو)	اعظم طارق (تھرجیال)
نظام الدین نظامی (پنجگراں)	پہلوان شاہ (پھروال)(۱۴۱)
جمعہ دار نوازش علی (بھلیسر)(۱۴۲)	حافظ نذر حسین نقشبندی (رتیال)(۱۴۳)
خداداد (پہلوٹ)	گلستان سرشار (چیڑ بالا)
ظفر عزمی (پمال)	عبدالرزاق ذوق (پڑی فروزال)
سائیں عبدالرشید (رتیال)	عدالت حسین عظیم (بینس)
فیصل منیر امر (رتیال)	عبدالغفار بانکا (رتیال)
امیر سلطان حاکم ضیاء (جاتلی)	محمد نواز مخلص (حصال)
ذوالفقار حسرت (حصال)	چن پیر بخاری (حصال)
قاری ظہور (پنجگراں)	ذوالفقار ثقلین (ٹھیکریاں)
قادر بخش (ڈھوک وہاب)	طارق درویش (دیوی)
سائیں رحمت (مغل)	فضل محمود عاطف (کلیام)(۱۴۴)
عابد امرت (موہڑہ فاطمہ)	محمد صادق (حصال)

شاہین (تھیہ گلباز)	غوث شہزاد (تھیہ گلباز)
ابرار بابر (ڈھونگ)	سائیں محمود (مسہ کسوال)
رشید عاصی (کالی پڑی)	محمد شریف عاجز (ممیالہ) (۱۴۵)
گلزار عاصی (کاہلی اعوان)	شفاعت مرزا (نڑالی)
حسن اختر اطیب (کالی پڑی)	عارف ادیب کیانی (کرنالی) (۱۴۶)
منیر احمد چشتی (اسلامپورہ) (۱۴۷)	طارق مبین (پمال)
امجد حیات بھٹی (آہدی)	یونس خیال (دیرہ مسلم)
افضل عابد (گوجر خان)	اشفاق زخمی (گوجر خان)
جاوید نشتر (روکھیاہ) (۱۴۸)	قمر افضال (مسہ کسوال)
بدر الزمان کیانی (جنڈ نجار)	اخلاق حسین ساقی (نڑالی جبیر)
بشیر منظر (کنیٹ خلیل) (۱۴۹)	عبدالقدوس روفی (چچی بہادر)

شعراء کے علاوہ پنجابی کتب کی اشاعت کے حوالے سے میاں شمس الدین قریشی (م ۱۴ مگھر ۱۹۶۳ب، مدفون، دلمی طمہ)، ان کے چچا زاد میاں نظام الدین (مدفون، دلمی طمہ) کا کردار بہت اہم رہا ہے، میاں شمس الدین کے بعد ان کے صاحبزادے حاجی عبدالرحمٰن (م ۳۰ مارچ ۱۹۷۴ء، مدفون، دلمی طمہ) نے اس روایت کو نبھایا۔

نوٹ: معروف شاعر ایشر سنگھ ایشر (۱۸۹۲-؟) بھی تحصیل کے معروف گاؤں کنیٹ خلیل میں چوہدری ڈھیرا سنگھ کے ہاں پیدا ہوئے۔ بھائیا، دھری بھائیا، رنگیلا بھائیا، نواں بھائیا ان کے معروف مجموعے ہیں۔ (اکرام الحق، ص۱۶۰: امرتسری، میاں مولا بخش، پنجابی شاعراں دا تذکرہ: مرتب، چودھری محمد افضل خان، لاہور، عزیز بک ڈپو، ۱۹۸۸ء، اول، ص۴۱۱)

(IV)

حاجی محمد عالم

حاجی محمد عالم ۱۹۰۷ء کو کینٹ لدھو میں جناب محمد حسن کے ہاں بٹ برادری کے ایک دینی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ابتدائی دینی تعلیم گھر پر ہی حاصل کرنے کے بعد آپ کو گورنمنٹ مڈل سکول کینٹ خلیل (پرانا نام،کانیٹ تاج خان) میں داخل کرادیا جہاں آپ نے بالترتیب پانچویں اور آٹھویں جماعتوں کے امتحانات میں وظیفہ حاصل کیا۔۱۹۲۶ء میں میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد انڈین آرمی میں بھرتی ہوگئے۔کچھ عرصہ کے بعد ملازمت ترک کردی اور گاؤں میں ایک چھوٹا سا ڈپارٹمنٹل سٹور کھولا اور کسبِ معاش کرنے لگے۔ان کی شریکِ حیات اک گھریلو خاتون تھیں،خدا نے انہیں اولاد کی نعمت سے بھی نوازا،جن میں چار بیٹے اور تین بیٹیاں شامل ہیں۔بیٹوں کے نام بالترتیب یہ ہیں:الحاج محمد اخلاق ارشد،محمد الیاس،ضمیر احمد اور محمد سجاد۔

اخلاق ارشد

آپ حاجی صاحب کے ادبی جانشین ہیں،موصوف پوٹھوہار بھر کے پنجابی شعری حلقوں میں خاصے معروف ہیں۔آپ ۱۳ اپریل ۱۹۵۱ء کو پیدا ہوئے،۱۹۶۸ء میں گورنمنٹ ہائی سکول گلیانہ سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد ۱۹۶۹ء میں فوج میں بھرتی ہوگئے اور ۱۹۹۷ء میں بطورِ صوبیدار ریٹائر ہوئے۔آجکل پولٹری میڈیسن کے بزنس سے منسلک ہیں۔سنِ شعور سے ہی آپ کے اندر شعرگوئی کا ذوق موجود تھا،دورانِ ملازمت آپ کی ملاقات راجہ شبیر احمد طاہر سے ہوئی اور آپ نے ان سے اصلاحِ سخن کا رشتہ استوار کرلیا۔آپ کا مجموعۂ کلام زیرِ ترتیب ہے۔

وفات: حاجی صاحب آخری عمر میں اپنے بڑے صاحبزادے اخلاق ارشد کے پاس

گوجر خان آگئے تھے۔اور یہیں ۲۷ مئی ۱۹۹۱ء کو ان کا انتقال ہوا۔تکیہ بابا رحیم شاہ بخاری کے قبرستان میں دفن ہوئے۔

تلامذہ: آپ کے صرف ایک شاگرد کے بارے ہی اب تک معلوم ہو سکا ہے۔اور وہ ہیں شیر زمان۔

شیرزمان

شیرزمان ولد محمد خلیل ولد فتح حیدر سوہاوہ کی مغل برادری میں پیدا ہوئے،مڈل تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد انڈین آرمی میں بطور موٹر ڈرائیور ملازمت اختیار کی۔ان کی نسبتِ بیعت صاحبزادہ محمد اکبر شاہ بشندوروی (م ۵ جمادی الثانی ۱۳۵۵ھ)(۱۵۰) سے تھی۔۲۷ دسمبر ۱۹۵۴ء کو آپ نے وفات پائی۔(۱۵۱) آپ کا کچھ کلام تو اپنے استاد کے ساتھ دو مشترکہ مجموعہ جات میں شایع ہوا جب کہ آٹھ صفحات پر مشتمل ایک مجموعہ چرخہ پند بے ہوشاں نریندرا الیکٹرک پریس راولپنڈی سے شایع ہوا تھا۔حاجی صاحب نے ان کے بارے لکھا ہے کہ:

واہ واہ ذات تیری ذات پاک سائیں ودھنے آئے شگرد استاد کولوں
افلاطون لقمان تھیں تیز آہا چھری تیز ہے تیز جلّاد کولوں
میرا شیرزمان شگرد عاقل سخن تیز تے شیریں کماد کولوں
سخی مرد ہے مرد تے زرد چہرہ حال فہم دا تیز صیاد کولوں
بانکے شعر تقدیر ظہور کیتے سکتہ دور ہے شعر بنیاد کولوں
ڈونگی رمز تے وزن موزوں پورا شرمسار استاد امداد کولوں
اکدن آکھسی عجب تھیں عجب مصرے بانکے شعر تے صاف خراد کولوں
برکت اللہ تے نبی دی نال ہوسی محمد عالما! تیز فولاد کولوں

(رسالۂ عالم: ص ۷-۸)

چرخہ پند بے ہوشاں سے نمونہ کلام (۱۵۲):

ساہ لعلاں دے ونجارے نی
نہ لبھدے مول اودھارے نی
نہ دیندے خویش پیارے نی
بازی ہوئی تن تنہائی آ
کت چرخہ تند نہ پائی آ
وچ غفلت رین وہائی آ

معاصرین: حاجی صاحب وسیع المشرب انسان تھے اور ان کا حلقۂ احباب خاصا وسیع تھا۔ ان کے حلقۂ احباب میں صوفیاء، شعراء، حکماء، علماء وغیرہم شامل تھے۔ ذیل میں ان کے چند قریبی دوستوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

سائیں محمد اشرف قادری سہروردی: آپ ۱۹۰۰ء کو نڑالی میں جناب علی شان کے ہاں مغل برلاس برادری میں پیدا ہوئے۔ برٹش انڈین آرمی میں ملازمت کی، ریٹائر ہونے کے بعد گاؤں میں ایک ڈپارٹمنٹل سٹور کھولا۔ ابتدا میں قادری قلندری سلسلہ میں کسی بزرگ سے بیعت تھے اور دو بار چلہ کشی بھی کی۔ بعدازاں ۸ جولائی ۱۹۵۹ء کو سلسلہ قادریہ سہروردیہ میں خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ (۱۸۹۶۔۱۹۹۵ء) کے ہاتھ پہ تجدید بیعت کی نیز خلافت سے بھی سرفراز ہوئے۔ ۳ ربیع الاول ۱۴۰۰ھ/ ۲۱ جنوری ۱۹۸۰ء کو بوقت فجر وضو کرتے ہوئے حرکتِ قلب بند ہو جانے سے آپ کا وصال ہوا۔ نڑالی کے قدیم قبرستان میں مدفون ہیں۔ (۱۵۳)

حکیم عبدالحمید قریشی: آپ ۱۹۰۴ء کو جناب شیخ محمد قریشی کے گھر پیدا ہوئے۔ ان کی ابتدائی بیعت پیر مہر علی شاہ سے تھی، بعدازاں خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ سے ۶ جولائی

۱۹۶۰ء کو تجدید بیعت کی اور خلافت سے بھی سرفراز ہوئے۔انہیں کیمیاء گری کا بھی شغف تھا، اپنے دور کے نامور حکیم تھے،۱۲ جولائی ۱۹۸۱ء/ ۹ رمضان ۱۴۰۱ھ بروز اتوار بعمر ۷۷ سال وفات پائی اور میانہ موہڑہ میں ہی دفن ہوئے۔

حاجی الحرمین الشریفین مسافرِ بلادِ عرب خان محمد کوٹلوی: آپ کی مطبوعہ سی حرفی کرامت نامہ سے حاصل شدہ معلومات کے مطابق آپ موضع کوٹلہ (تحصیل راولپنڈی)میں کرم دین کے ہاں مغل برادری میں پیدا ہوئے جن کی عرفیت کھٹیک تھی۔ان کی نسبتِ بیعت سید غلام حیدر علی شاہ جلالپوری سے تھی۔کرامت نامہ میں انہوں نے لکھا ہے کہ اس وقت (۱۹۱۱ء) تک وہ کئی قصے،سی حرفیاں اور ایک منظوم سفرنامۂ حج وبلادِ عرب (۱۵۴) تخلیق کر چکے تھے۔(۱۵۵) حاجی خان پوٹھوہار بھر میں احمد علی سائیں کے بعد سب سے مضبوط شاعر مانے جاتے ہیں۔منڈھاڑ (تحصیل کلر سیداں) کے محمد فاروق گلفام (پ ۲۴ نومبر ۱۹۸۴ء) کی مملوکہ ایک بیاض میں آپ کو احمد علی سائیں کا شاگرد لکھا گیا نیز اسی بیاض میں مرقوم ہے کہ ۹ محرم ۱۳۷۹ھ/ ۱۹۵۹ء بروز جمعرات بوقت پونے چار بجے سحر آپ نے وفات پائی۔(۱۵۶) ایک اور روایت کے مطابق بیسویں صدی کے چوتھے عشرے میں کسی سال آپ کا انتقال ہوا،موضع کوٹلہ میں ہی مدفون ہیں۔نمونہ کلام (۱۵۷):

ک : کون ہووے غمخوار میرا جہڑا دیوے تسلی مسکین تک کے
میرا ساتھی بھی نہیں کوئی پاس میرے جہڑا دیوے تسلی غمگین تک کے
ڈاہڈی جان کمزور ضعیف ہوگئی لوکی ویکھ پڑھدے الامین تک کے
خان لاش نہ کریں برباد میری قبر کھودیاں نرم زمین تک کے

محمد عبدالرحمٰن درد معروف بہ درد علی شاہ قلندر قادری: آپ ۱۹۱۰ء میں مسوال (تحصیل وضلع چکوال) میں پیدا ہوئے۔آپ جاجی خاندان سے تھے جواب قاضی

کہلاتا ہے۔آپ نے چودہ برس کی عمر سے ہی شعر کہنا شروع کر دیا تھا،کئی سال راولپنڈی میں رہائش پذیر رہے۔(۱۵۸)ان کی نسبتِ بیعت سائیں اللہ بخش معروف بہ سائیں صدری نقشبندی (راولپنڈی) سے تھی، نیز سائیں فتح علی خان معروف بہ فتح خان قلندر نوری قادری نوشاہی (م ۲۰ مئی ۱۹۵۲ء) سے بھی نیازمندانہ مراسم تھے۔آپ کی چند تصانیف کے نام یہ ہیں:۔پنج گنج قلندری/کشف الانوار/قصہ باز وفاختہ/قصص الحسنین /چنن بادشاہزادی/شیریں فرہاد/رموزِ عشق/کھکھی کاں لطیفہ/منظوم عملیات/اسرارِ تخلی/وظائف پیرانِ پیر/معرکا جادو/لوحِ تسخیرِ ہمزاد/ رب کی پہچان/دین العرب/بیوفا معشوق یعنی بدکار عورت فی زمانہ/منظوم ترجمہ قصیدہ روحی/منظوم ترجمہ قصیدہ غوثیہ۔ان کی تالیف کا ایک قلمی نسخہ خانقاہِ سلطانیہ کالا دیو ضلع جہلم کے کتابخانہ میں مولانا غلام محی الدین قریشی (م ۱۰ ذیقعد ۱۳۶۳ء) کے ذخیرہ میں موجود ہے اور اس کا برقی عکس راقم کے کتابخانہ میں۔عمر کے آخری سالوں میں آپ گجرات رہائش پذیر ہو گئے تھے۔۱۹۷۴ء میں دولت نگر (گجرات) میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔نمونہ کلام:(۱۵۹)

س : سوچ کے عشق دا نام لیے بن چھیڑیاں ایہہ ڈنگ ماردا جے
لنگھئے ہٹ کے تے کھایئے سٹ ناہیں جھٹ پٹ وچ راہ للکاردا جے
پیوے خون تے جگر خوراک ظالم ہڈیاں چم تھیں وکھ نتاردا جے
دروا! رکھ توں ہن سر ہتھ اوتے تینوں شوق ہے عشق بازار دا جے

اللہ داد چنگی: آپ ہری پور (ضلع ہزارہ) کے رہنے والے تھے،نوجوانی میں پنڈی آ گئے ،احمد علی سائیں کے چہیتے شاگرد تھے،چونکہ وہ تیز اور اونچی آواز میں شعر پڑھتے تھے،سو استاد نے ان کا تخلص چنگی تجویز کیا،راولپنڈی میں ہی ۱۹۵۴ء میں بعمر ۶۵ سال وفات ہوئی۔(۱۶۰)نمونہ کلام(۱۶۱):

عین شین تے قاف دو نقطیے نے لکھ آباد کر کے گھر ویران چھوڑے
نامدار سن جھیڑے وچ نامیاں دے اس نہ اوہناں دے نام و نشان چھوڑے
سزا دین بن کسے نوں چھوڑدا نہیں عالیشان نہ کسے دی شان چھوڑے
چنگی! عشق جس در تے مقیم ہوندا نہ در، نہ در دے دربان چھوڑے

صوفی علی احمد: آپ ۱۹۰۵ء کو موضع چھچی بہادر میں نمبردار نادر خان کے ہاں ددھیال مغل برادری میں پیدا ہوئے۔ کچھ عرصہ برٹش انڈین آرمی میں ملازمت کی، بعد ازاں گوجرخان شہر میں آڑھت کے کاروبار سے منسلک ہو گئے۔ آپ امی تھے، خاصی عمر میں پڑھنا شروع کیا اور درسِ نظامی کی ابتدائی کتب بھی پڑھیں۔ آپ کی نسبتِ بیعت پیر مہر علی شاہ گولڑوی سے تھی، نیز پنجابی میں سخن گوئی کا ذوق بھی رکھتے تھے۔ ایک بار آپ کے گاؤں کے ایک شخص نواب خان نے مولوی عبدالواحد عبدی جو ان دنوں بطور امام مسجد وہاں مقیم تھے سے اپنے عصا کے بارے فی البدیہہ شعر کہنے کی فرمائش کی، لیکن مولوی صاحب نے معذرت کر لی، صوفی علی احمد بھی اس موقع پہ موجود تھے انہوں نے فی البدیہہ عصا کے بارے درج ذیل چومصرعہ کہہ کے سنا دیا:

د : دوستا! کر نہ زور ایڈا کیوں جھگڑدا ایں ہوئی تنگ یارا!
کھونڈی لے بانکے وچ پھرن گلیاں جیوں شمع تے پھردے پتنگ یارا!
کھونڈی کرنی ناویا! کم سارے، کمزور دا ہووندی سنگ یارا!
ہویا ویکھ کے خوش علی احمد! میں دلوں کیتی سی بہوں ای تشنگ یارا!

آپ کا غیر مطبوعہ کلام آپ کے فرزند مفتی محمد مختار علی رضوی کے پاس محفوظ ہے۔ ۶ مارچ ۲۰۰۶ء کو آپ کا انتقال ہوا۔(۱۶۲)

آثارِ منظوم: حاجی صاحب کی اب تک چار مطبوعہ سی حرفیاں دستیاب ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

سی حرفی دوئم فریاداکھیاں

سی حرفی دوئم سے یہ گمان ہوتا ہے فریاداکھیاں کے نام سے سی حرفی اول بھی شایع ہوئی ہوگی یا یہ بھی ممکن ہے جھگڑا ابلبل ومالی پہلے شایع ہوئی ہو اور بعدازاں فریاداکھیاں طبع ہوئی ہو پس بلحاظ طباعت چونکہ اس کا نمبر دوسرا ہوا ہوگا اس لیے اس کے ساتھ سی حرفی دوئم لکھ دیا گیا ہو۔ فریاداکھیاں تیس چومصرعوں اور آٹھ صفحات پر مشتمل ہے اور فرنٹیر میل الیکٹرک پریس راولپنڈی سے شایع ہوئی، لیکن سالِ اشاعت مرقوم نہیں، جبکہ قیمت ایک آنہ درج ہے اور اس کے کاتب مولوی نظام الدین (راولپنڈی) ہیں۔

جھگڑا ابلبل ومالی

یہ سی حرفی تمثیلی ادب کا اچھا نمونہ ہے۔ چوبیس چومصرعوں اور آٹھ صفحات پر مشتمل یہ سی حرفی مرکنٹائل الیکٹرک پریس راولپنڈی سے شایع ہوئی، سالِ اشاعت مرقوم نہیں۔ جبکہ اس کی قیمت بھی ایک آنہ درج ہے۔

رسالۂ عالم

یہ مجموعہ بھی مرکنٹائل الیکٹرک پریس راولپنڈی سے شایع ہوا، جس کی قیمت ایک آنہ ہے مگر سال اشاعت اس پہ بھی مرقوم نہیں۔ یہ مجموعہ حسن، کبر اور تقدیر کے مکالمہ پر مشتمل ہے جس میں حاجی صاحب کے شاگردِ رشید شیر زمان کا بھی کلام شامل ہے۔ مجموعۂ ہذا آٹھ صفحات پر مشتمل ہے، جس میں پچیس چومصرعے شامل مجموعہ ہیں ان میں سترہ چومصرعے حاجی صاحب کے جبکہ سات چومصرعے شیر زمان کے ہیں۔

پنجۂ عشق صادق، سوال و جواب

یہ مجموعہ بھی آٹھ صفحات پر مشتمل ہے اور ملٹری پریس کیمبل پور (موجودہ اٹک) سے شائع ہوا۔ سال اشاعت مذکور نہیں جبکہ اس کی قیمت بھی ایک آنہ درج ہے۔ یہ مجموعہ بھی استاد و شاگرد دونوں کے کلام پر مشتمل ہے۔ جس میں تیس چومصرعے اور ایک ہشت مصرعہ ہے۔ جن میں پندرہ چومصرعے حاجی صاحب کے جبکہ پندرہ چومصرعے مع ایک ہشت مصرعہ شیر زمان کے ہیں۔

حسن نواز:
تکمیل: ۱۶ رمضان ۱۴۲۸ھ
حضرت دادی صاحبہ کی سترہویں برسی پر
مزید اضافہ جات: ۱۱ ذیقعد ۱۴۲۸ھ

رابطہ:

چٹھی: ۳۳۵-ماڈل ٹاؤن، ہمک، اسلام آباد
برقی چٹھی: suhraward@hotmail.com
صوتی: 0300-5174010

حوالہ جات وحواشی

۱- برج ناتھ، رائے زادہ، وجہ تسمیہ دیہات پرگنہ دان گلی وپھرہالہ (خ): بکوالہ، (تحصیل سوہاوہ)، راجہ ظفر الحق، مکتوبہ، (۱۸۹۳ء؟، بقول راجہ کفایت علی پنوار)، برقی عکس، مملوکہ راقم، ص ۴۷

۲- صدیقی، پروفیسر منظور الحق، تاریخ حسن ابدال: لاہور، ادارہ تحقیقاتِ پاکستان دانشگاہ پنجاب، جنوری ۱۹۷۷ء، اول، ص ۱۶۰

۳- راجہ، اکرام الحق، تاریخ گوجر خان: لاہور، مکتبہ داستان، مئی ۱۹۹۴ء، اول، ص ۳۸

۴- دونی چند، رائے زادہ، کیگو ہرنامہ: تحقیق و تدوین، ڈاکٹر محمد باقر، لاہور، انتشاراتِ پنجابی ادبی اکادمی، ۱۹۶۵ء، اول، ص ۱۱۴

۵- نوشاہی، سید شریف احمد شرافت، شریف التواریخ، جلد دوم/حصہ دوم/موسوم بہ طبقاتِ نوشاہیہ: ساہیوال، ادارہ معارفِ نوشاہیہ، ۱۴۰۲ھ/۱۹۸۲ء، ص ۱۵۹۵: تذکرہ شعرائے نوشاہیہ میں سالِ ولادت ۱۰۰۳ھ مرقوم ہے۔ (نوشاہی، سید شریف احمد شرافت، تذکرہ شعرائے نوشاہیہ: ترتیب و تدوین و تکمیل، ڈاکٹر عارف نوشاہی، لاہور، اورینٹل پبلی کیشنز، ۲۰۰۷ء، ص ۳۱۷)

۶- منچری، محمد اشرف فاروقی نوشاہی، کنز الرحمت: لاہور، اسلامیہ سٹیم پریس، ۱۳۲۹ھ/ ۱۹۱۱ء، ص ۱۰۰

۷- ایضاً، ص ۱۰۱

۸- ایضاً، ص ۱۱۱

۹- راقم الحروف، صوفی طارق محمود و محمد فیصل صاحبان (میرپور/آزاد کشمیر) کی معیت میں مورخہ ۶ دسمبر ۲۰۰۶ء کو آپ کے مزار شریف پہ حاضری کی سعادت سے شرف یاب ہوا۔ جناب چمن پیر اور میاں سکندر حیات (مؤلف، لاڈلا پچیار) صاحبان سے خاصی دیر ملاقات رہی۔

۱۰- اسے ڈاکٹر معین نظامی نے مرتب کیا ہے اور اس کے اب تک تین ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ایک ادارہ معارفِ نوشاہیہ اسلام آباد سے ۱۹۹۹ء میں جبکہ دوسری اور تیسری اشاعت مرکز تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد کے زیر اہتمام بالترتیب مارچ ۲۰۰۰ء، مارچ ۲۰۰۱ء میں عمل میں آئی۔ اس کے نسخۂ خطی (مخزونہ، سنٹرل لائبریری بہاولپور، نمبر ۱۰۳) کی فوٹو کاپی راقم کے کتابخانہ میں ہے۔

۱۱- اس کا ایک نسخہ خطی بخطِ سید بشیر احمد بشارت نوشاہی، مکتوبہ ۱۳۵۶ھ، شرافت صاحب کے کتابخانہ میں موجود ہے۔(نوشاہی، ص ۹۵۶)

۱۲- اس کا قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں ذخیرۂ شیرانی (نمبر ۶۲۲۳) میں موجود ہے۔ (نوشاہی، ص ۹۶۵)

۱۳- لاہوری، فقیر غلام محی الدین، کشکولِ نوشاہی (خ): بحوالہ، تذکرہ شعرائے نوشاہیہ: ص ۳۱۸

۱۴- شیخ محمد بشندوری، معروف شاعر شاہ مرادخانپوری کے شیخ طریقت تھے۔(الٰہی بخش، منشی، تحفۂ قادریہ: دہلی، مسلم پریس، ۱۲۹۴ھ، ص ۱۰۱)

۱۵- یہ دیوان شاہ عبدالباقی کے صاحبزادے تھے۔(ہاشمی، حاجی محمد اختر، حاجی، شجرۂ نسب (خ): بیول، مملوکہ، مرتب، ص ۱۲)

۱۶- الٰہی بخش، ص ۸۶

۱۷- ہاشمی، ص ۹

۱۸- ایضاً، ص ۱۲

۱۹- ایضاً، ص ۱۳

۲۰- ایضاً، ص ۱۴

۲۱- برکات، میاں محمد، اذکار نامہ (خ): نڑالی، کتابخانہ راقم، کاتب، قاضی محمد ارشد ساکن نڑالی، ص ۳

۲۲- اعوان، پروفیسر انور بیگ، دھنی ادب وثقافت: چکوال، بزمِ ثقافت، ۱۹۶۸ء، اول، ص ۱۹۶: ایضاً، ٹیلیفونک گفتگو از راقم: ۱۶ نومبر ۲۰۰۷ء

۲۳- قریشی، ڈاکٹر احمد حسین، شاہ چراغ چوہانوی تے امام حسین دی وار، مشمولہ، پنجابی ادب (سہ ماہی): لاہور، ش ۱۰، اپریل- جون ۱۹۸۹ء، ص ۲۷

۲۴- ایضاً، ص ۲۵

۲۵- گیلانی، سید وحید احمد، گفتگو از راقم: ڈھوک سیداں داخلی کنیٹ خلیل، ۱۶ نومبر ۲۰۰۷ء

۲۶- قریشی، ص ۲۳

۲۷- دونی چند، ص ۳-۱۰

۲۸- ایضاً،ص۹۰

۲۹- اس کے دو قلمی نسخے کتابخانہ دانشگاہ پنجاب لاہور میں پروفیسر سراج الدین آذر (م ۱۹۴۷ء) کے ذخیرہ میں بالترتیب کیٹلاگ نمبر ۷۹۶/۵۱- H، ۷۸۵۲/۱۰۸- H کے تحت موجود ہیں۔ (نوشاہی، سید خضر عباسی، فہرست نسخہ ہای خطی فارسی کتابخانہ دانشگاہ پنجاب لاہور، گنجینۂ آذر: اسلام آباد، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۴۰۶ھ، ص۳۹۴-۳۹۵)

۳۰- محمد بخش، میاں، سفر العشق یعنی قصہ سیف الملوک و بدیع الجمال: جہلم، یونیورسل پریس، ۱۲۸۷ھ، اول، ص۴۳۹

۳۱- سکندر شیخ، اے. جی، حضرت شاہ چمن چراغ، مشمولہ، وادیٔ پوٹھوہار: مرتبہ، رشید نثار، راولپنڈی، پنڈی اسلام آباد ادبی سوسائٹی (پیاس)، ۱۹۹۷ء، ص۴۰۵

۳۲- قادری، شاہ محمد غوث، اسرار الطریقت (خ): اسلام آباد، کتابخانہ گنج بخش، کاتب، غلام شاہ نبیرۂ شاہ محمد غوث، ۱۱۸۶ھ، شمارہ، ۵۴۲۳، ص۹۸: اردو ترجمہ، (؟)، لاہور، اللہ والے کی قومی دوکان (س-ن)، دوم، ص۴۶

۳۳- سہام، شیخ عبداللہ، اسرار المحبت (خ): کالا دیو (ضلع جہلم)، کتابخانہ خانقاہِ نقشبندیہ سلطانیہ، کاتب، میاں غلام نبی ساکن موضع کیال، ص۲۱۹

۳۴- فضلِ حق، خانصاحب قاضی، پنجابی علم و ادب میں مسلمانوں کا حصہ (۱۰۰۰ھ تا ۱۳۰۰ھ): مرتبہ، بذلِ حق محمود، لاہور، سنگِ میل پبلی کیشنز، ۲۰۰۴ء، ص۸۸

۳۵- رتن چند، رائے زادہ، احوال گکھڑانِ میرپور، مشمولہ، کیگو ہرنامہ: ص۱۸۹

۳۶- فضلِ حق، ص۸۹-۹۱

۳۷- احمد منزوی، فہرستِ مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان: اسلام آباد، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، ۱۳۶۷ش/۱۴۰۸ھ/۱۹۸۸ء، ۱۰/۵۷۹: نظامی، راجہ نور محمد، خطۂ پوٹھوہار کی تاریخ و اقوام پر ایک ہندو خاندان کی فارسی زبان میں اہم تصانیف: مشمولہ، پیغام آشنا: اسلام آباد، اکتوبر-دسمبر ۲۰۰۴ء، شمارہ ۱۹، ص۳۸: نیز ذخیرۂ آذر میں کیگو ہرنامہ (مکتوبہ، ۱۸ ساون ۱۸۸۸ بکرمی، کیٹلاگ نمبر ۷۸۰۰/۵۵-H) کے ترقیمہ میں ان کی سکونت کوتیانہ مرقوم ہے۔ (نوشاہی، خضر، ص۴۱۶)

۳۸- ڈاکٹر خضر نوشاہی نے اسے "کھٹ کھٹ" پڑھا اور اسے پوٹھوہاری زبان کا لفظ قرار دیتے ہوئے اس کا

معنی چارپائی لکھا ہے جو صحیح نہیں۔ پوٹھوہار میں چارپائی کے لیے منجی کا لفظ مستعمل ہے، البتہ آزاد کشمیر میں بولی جانے والی زبان (جو یقیناً پوٹھوہاری سے ملتی جلتی ہے) میں چارپائی کو کھٹ کہتے ہیں۔ ویسے بھی اگر اسے کھٹ پڑھا جائے تو مذکورہ شعر کے معانی نہایت مضحکہ خیز قرار پائیں گے یعنی صاحب (خدا) ہر چارپائی میں بستا ہے لیکن اسے آج تک کوئی بھی جان نہیں پایا۔ (نوشاہی، خضر، ص ۴۱۵)

۳۹- رتن چند، رائے زادہ، کرسی نامۂ گوجران (خ): بحوالہ، نوشاہی، سید خضر، ص ۴۱۵

۴۰- رضوی، سید جمیل احمد، پنجاب یونیورسٹی لائبریری وچ پنجابی دے قلمی نسخے: مشمولہ، کھوج: لاہور، ۸-۹/ص ۴، ۱۷

۴۱- اس کا ایک قلمی نسخہ کتابخانہ دانشگاہ پنجاب میں زیر شمارہ ۷۳/PeIII ۲۱۳۴ موجود ہے۔ (احمد منزوی، ۱۰/۵۸۰)

۴۲- اس کا ایک قلمی نسخہ کتابخانہ دانشگاہ پنجاب کے ذخیرۂ آذر میں زیر شمارہ H-۱۱۸ موجود ہے۔ (نوشاہی، خضر، ص ۴۰۵)

۴۳- اس کا ایک قلمی نسخہ کتابخانہ مذکورہ کے ذخیرۂ آذر میں زیرِ شمارہ H-۵۶ موجود ہے۔ (نوشاہی، خضر، ص ۳۹۱)

۴۴- اس کے دو قلمی نسخے کتابخانہ مذکورہ بالا میں زیرِ شمارہ ۷۸۰۱/H-۵۶، ۷۸۰۲/H-۵۶ موجود ہیں۔ (نوشاہی، خضر، ص ۴۰۱)

۴۵- نوشاہی، خضر، ص ۳۹۱، ۴۰۰

۴۶- الٰہی بخش، ص ۸۶: سہام، ص ۶۳

۴۷- سہام، ص ۶۳: ہاشمی، ص ۱۹

۴۸- آپ نے اسرار المحبت ۱۱۵۹ھ میں تالیف کی جیسا کہ اسرار المحبت میں ہے کہ: "در سنہ مبارک ہجری کہ یک ہزار یک صد و پنجاہ و نہ بود کہ این شجرہ قلمی شد و سنہ بادشاہ محمد شاہ سلمہ اللہ بیست و پنج سال بود در قریہ جلہاری عملہ پرگنہ پھرہالہ من مضافات لاہور المشہور پوٹھار این مجموعہ اسرار المحبت زیب ارقام یافتہ۔" (ص ۶۲)

ایک مقام پہ لکھا ہے: "یقین می دانم کہ دعائے آنحضرت در حق این عاجز مستجاب شدہ و مستجاب خواہد

شد ازہفت سالگی تا حال کہ قریب ہفتاد سال(۷۰۔۱۱۵۹ھ)رسیدہ ام نمازِ تہجد از من فوت نشدہ۔"
(ص،۲۱۷)ان دونوں روایات کی روشنی میں سالِ پیدائش ۱۰۸۹ھ قیاس کیا گیا ہے۔

۴۹- ایضاً،ص۲۱۶-۲۲۱

۵۰- ایضاً،ص۱۰۳

۵۱،۵۲- ہاشمی،ص۱۹

۵۳- سہام ،میاں عبداللہ،مدح غوث محی الدین(خ) : نڑالی،کتابخانہ راقم،کاتب،محمد حیات سہام،۱۷ ذیقعد۱۱۵۹ھ،ص۳

۵۴- ہاشمی،ص۲۵

۵۵- ایضاً،ص۲۹

۵۶- فتوح،میاں محمد،قصہ سسی(خ):،نڑالی،کتاب خانہ راقم،کاتب،قاضی محمد ارشد،ص۱۱

۵۷- عزت رائے ،رائے زادہ، وار(خ) :مشمولہ،کیگو ہرنامہ(خ) :بکوالہ،راجہ ظفر الحق،کاتب، اکرم، ۱۱ ذی قعد۱۳۳۹ھ،ص۲۱۹

۵۸- ایضاً،۲۳۴۔۲۳۵

۵۹- بشیر،مولانا محمد نور عالم،انوار الاعوان:لاہور،کپور آرٹ پرنٹنگ ورکس،۱۹۳۴ء،۲/۱۰۹

۶۰- ملاحظہ فرمائیے:نوشاہی،سید عارف،کتابخانہ گنج بخش (راولپنڈی) وچ پنجابی مخطوطے:مشمولہ،کھوج: لاہور،۸-۹/ص۳۳-۶۱

۶۱- فضل احمد،قاضی،بیاض(خ): نڑالی،کتابخانہ راقم

۶۲- قادری،میاں محمد بخش،ہدایت المومنین(خ) : نڑالی،کتابخانہ راقم ،کاتب،قاضی فیض عالم اراضوی،ذی الحجہ۱۳۱۷ھ،ص۸۷

۶۳- حسن نواز شاہ،امام احمد رضا خاں بریلوی اور علماء گوجرخان:مشمولہ،معارف رضا(سالنامہ) :کراچی،۲۰۰۷ء،ص۲۴۹

۶۴- الٰہی بخش،،ص۱۵۱

۶۵- ایضاً،ص۱۵۲

۶۶، ۶۷- ایضاً، ص ۱۵۱

۶۸- نوشاہی، میاں شرف علی، شجرۂ نوشاہیہ بیچاریہ (خ): جرموٹ، صاحبزادہ محمد رضوان نوشاہی، مکتوبہ، شاعر خود، برائے جہان خان باغبان ساکن موضع ساؤ (ضلع چکوال)، ص ا: تجلی، سید چنن شاہ، سلسلہ نوشو گنج بخش آنکہ بالتجائے رفیقے نوشتہ شد، ۴ صفر ۱۳۲۴ھ: مشمولہ، کلام چنن شاہ (خ): گوجر خان، کتابخانہ اختر امام رضوی، ص ۸۴

۶۹- نوشاہی، صاحبزادہ شبیر احمد (پ ۱۱۶ کتوبر ۱۹۵۲ء)، گفتگو از راقم: جرموٹ کلاں، ۱۶ جولائی ۲۰۰۷ء

۷۰- شہباز ملک، ڈاکٹر، پنجابی کتابیات: اسلام آباد، اکادمی ادبیات، ۱۹۹۱ء، اول، ۱/ ۷۷

۷۱- ایضاً، ص ۴۹۲

۷۲- ایضاً، ص ۴۹۰

۷۳- ایضاً، ۴۹۳

۷۴- ایضاً، ص ۴۹۳

۷۵- حسن نواز شاہ، ص ۲۱۸

۷۶- ایضاً، ص ۲۱۹

۷۷- یہ دونوں نسخے کتابخانہ خانقاہِ سلطانیہ کالا دیو میں مولانا غلام محی الدین قریشی کے ذخیرہ میں موجود ہیں۔ راقم نے ۹ ستمبر ۲۰۰۷ء کو دوسری بار کتابخانہ ملاحظہ کیا اور دونوں نسخہ جات کی تصاویر لیں۔

۷۸- ممتاز حسین، حاجی (پ ۱۶ جنوری ۱۹۵۶ء)، گفتگو از راقم: مونگر، ۱۷ جولائی ۲۰۰۷ء : شمسی، رسالدار عبدالحمید (پ یکم ستمبر ۱۹۴۱ء)، گفتگو از راقم: سکھو، ۱۷ جولائی ۲۰۰۷ء

۷۹- غلام فاطمہ (پ ۱۹۳۴ء) دختر مولوی محمد رمضان نقشبندی، گفتگو از راقم: بـــڈر (تحصیل کلر سیداں)، ۱۴ جولائی ۲۰۰۷ء

۸۰- قادری، سید نور محمد، حضرت قاضی سلطان محمود قادری: لاہور، مکتبہ قادریہ، (س-ن)، ص ۱۱

۸۱- رجسٹر کاروائی انجمن سادات گوجر خان ضلع راولپنڈی (فوٹو کاپی): نڑالی، کتابخانہ راقم، ص ۱۴

۸۲، ۸۳- جھگڑا حقہ و کوزہ و فریادِ غم، مطبع سراج المطابع جہلم سے باہتمام مولوی فقیر محمد جہلمی شائع ہوئیں۔

۸۴- تجلی، چنن شاہ، تحفۂ رسولی: راولپنڈی، شانتی سٹیم پریس، ۱۹۲۱ء/ ۱۳۴۱ھ، ص ۱۴

۸۵- نجفی، ص ۱۵

۸۶- سیالکوٹی، سید نور اللہ شاہ، چشمۂ نور درمنقبت پیر عبدالغفور: لاہور، مطبع اسلامیہ سٹیم پریس، اول (س-ن)، ص ۹۵-۱۰۴: (طبع دوم)، لاہور، عبدالرشید سلطانی، جولائی ۱۹۷۹ء، ص ۵۷-۶۲

۸۷- غریب چند، استادالشعراء، کلامِ غریب چند: راولپنڈی، سردار رنجیت سنگھ اینڈ سنز تاجرانِ کتب (س-ن)، ص ۳۵

۸۸- ایضاً، ص ۳۵

۸۹- ایضاً، ص ۵۸-۶۰

۹۰- مدح غوثِ پاک، نذر حسین اینڈ سنز تاجرانِ کتب نے راولپنڈی سے شائع کی تھی۔

۹۱- زار، سائیں نادر خان، مناظراں شاعراں (خ): نڑالی، کتابخانہ راقم، بخطِ مرتب، ص ۷

۹۲- قریشی، راشد قیوم، گفتگو از راقم: گوجر خان، ۱۴ جولائی ۲۰۰۷ء

۹۳- حسن نواز شاہ، ص ۲۲۰

۹۴- احمد جی، قاضی، اشتہار، مشمولہ، ارتحالِ حیدری یعنی فراقِ حیدری: لاہور، آریہ سٹیم پریس، ۱۳۳۰ھ

۹۵- گلزارِ حیدری کا پہلا ایڈیشن مطبع مفید عام لاہور سے باہتمام مولوی شمس الدین (گوجر خان) ۱۸۹۹ء میں، دوسرا راولپنڈی پریس سے باہتمام قاضی احمد جی چشتی جبکہ تیسرا مطبع مفیدِ عام لاہور سے باہتمام حاجی عبدالرحمٰن اینڈ سنز تاجرانِ کتب گوجر خان سے شائع ہوا۔

۹۶- مدح خواجہ غلام حیدر علی شاہ جلالپوری، نور آرٹ پریس راولپنڈی سے شائع ہوئی۔

۹۷- قلعہ داری، احمد حسین قریشی، پنجابی ادب کی مختصر تاریخ: لاہور، مکتبہ میری لائبریری، ۱۹۷۲ء، دوم، ص ۱۳۵

۹۸- برکات احمد، قاضی (نبیرۂ مولانا محمد حسین چشتی) ٹیلیفونک گفتگو از راقم: ۱۰ جولائی ۲۰۰۷ء

۹۹- حسن نواز شاہ، ص ۲۲۲

۱۰۰- ارتحالِ حیدری یعنی فراقِ حیدری: ص ۱۱-۱۴

۱۰۱- غلام مرتضیٰ، گفتگو از راقم: موہڑہ بھجیال، ۷ جولائی ۲۰۰۷ء

۱۰۲- قلعہ داری، ص ۳۵

۱۰۳- یہ ۱۳۵۴ھ میں نریندر پریس راولپنڈی سے شایع ہوئی۔

۱۰۴- خلیل، میاں محمد (پ ۱۹۲۳ء)، رحم علی، باوا (م ۱۱ اگست ۲۰۰۷ء)، گفتگو از راقم: نڑالی

۱۰۵- محمد آزاد ولد سائیں نادر خاں (پ ۱۲ جنوری ۱۹۵۱ء)، گفتگو از راقم: کوری دولال، ۲ جولائی ۲۰۰۷ء

۱۰۶- حسن نواز شاہ، ص ۲۲۲

۱۰۷- خان گل ولد مولوی مولا داد، ٹیلی فونک گفتگو از راقم: راولپنڈی، ۵ ستمبر ۲۰۰۷ء

۱۰۸- مظہر الحق، بریگیڈیئر، ٹیلی فونک گفتگو از راقم: راولپنڈی، ۳۱ جولائی ۲۰۰۷ء

۱۰۹- قریشی، عبدالغفور، پنجابی ادب دی کہانی: لاہور، عزیز بک ڈپو، نومبر ۱۹۷۲ء، اول، ص ۴۶۰-۴۶۱

۱۱۰- مظہر الحق

۱۱۱- فروغ، محمد بشارت علی خان، وفیات مشاہیر اردو: رامپور، مؤلف خود، ۲۰۰۰ء، اول، ص ۲۵۰

۱۱۲- منہاس، ماسٹر عبدالعزیز (پ ۱۴ اگست ۱۹۲۱ء)، گفتگو از راقم: دیوی، ۲۶ ستمبر ۲۰۰۶ء: فروغ، ص ۲۵۰

۱۱۳، ۱۱۴- http://www.tribuneindia.com/1999june06/sunday/head5.htm

۱۱۵- تصدق حسین، راجہ، گفتگو از راقم: کنیال

۱۱۶- حسن، صاحبزادہ حسن نواز شاہ، حاجی امیر زمان کیالوی، ایک تعارف: مشمولہ، گوہر فراق: کلر سیداں، ستمبر ۲۰۰۵ء، ص ۲۹-۳۱

۱۱۷- حسن نواز شاہ، محمد لطیف قمر، ایک حساس شاعر: مشمولہ، قندیلِ نو: نڑالی، ۲۰۰۷ء

۱۱۸- ان کے تین درجن سے زاید مجموعے شایع ہو چکے ہیں۔

۱۱۹- ان کے درج ذیل شعری مجموعے شایع ہو چکے ہیں: کھریاں شاماں (۱۹۸۸ء)، زندگی (۱۹۹۴ء)، نقوشِ اقبال (مئی ۱۹۹۷ء)، طرحی مشاعرہ (مئی ۲۰۰۶ء)، گل پھل ورگی (۲۰۰۶ء)۔

۱۲۰- ان کے دو درجن سے زاید مجموعے شایع ہو چکے ہیں۔

۱۲۱- ان کی درج ذیل کتب شایع ہو چکی ہیں: چٹھی والی سرکار (۱۹۶۷ء)، سی حرفی مع وصال نامہ (۱۹۶۷ء)، سی حرفی بیج پھل (۱۹۷۶ء)، پوٹھوہاری قاعدہ (جنوری ۲۰۰۰ء) اور ٹھوار ماہ و سال کے آئینے میں (اگست ۲۰۰۲ء)، ساڑی سرکار (۲۰۰۴ء)۔

۱۲۲- ان کا ایک مختصر مجموعہ پاک دیس وا اچاناں، مہنگائی دا مقابلہ (۱۴ اگست ۱۹۸۶ء) شائع ہو چکا ہے۔

۱۲۳- ان کا کل کلام ابھی تک غیر مطبوعہ ہے اور ان کے پوتے ساجد کیانی کے پاس ہے۔

۱۲۴- ان کی ایک سی حرفی اور کچھ فارسی کلام ان کے فرزند راجہ سید اکبر کے پاس موجود ہے۔

۱۲۵- بقول سید حبیب شاہ بخاری یہ اپنا پہلا مجموعۂ کلام ترتیب دے چکے ہیں۔

۱۲۶- انہوں نے پوٹھوہار ادبی اکیڈمی گوجرخان (جس کے یہ بانی اور چیرمین بھی ہیں) کے تحت ہجرِ یار، سانجھے موتی، یاداں، سنگدل صنم، جوان موتاں (حصہ اول)، درداں دی درد، جوان موتاں (حصہ دوم)، یادِ محبوب، لیبیا دے راہی، تلاشِ منزل، کرامت چٹھی والی سرکار، غمِ جاناں شائع کیے، ان کتب میں ان کا اور ان کے تلامذہ کا کلام شامل ہے۔

۱۲۷- ان کی کلیات کا مخطوطہ راقم کے کتب خانہ میں ہے۔

۱۲۸- ان کی ایک مطبوعہ سی حرفی آئینۂ معرفت راقم کے کتاب خانہ میں ہے۔

۱۲۹- ان کے دو شعری مجموعے قندیلِ سخن اور سوزِ نوا (۱۹۹۹ء) شائع ہو چکے ہیں۔

۱۳۰- ان کا ایک شعری مجموعہ روپ مشالاں (اپریل ۱۹۹۷ء) شائع ہو چکا ہے۔

۱۳۱- ان کا ایک شعری مجموعہ یاداں دے اتھروان کی وفات کے بعد اگست ۲۰۰۱ء میں شائع ہوا۔

۱۳۲- ان کے دو شعری مجموعے آرزئے درویش مع ڈونگھے پھٹ (نومبر ۲۰۰۴ء)، خوشبوئے درویش المعروف ڈونگھیاں سوچاں (۲۰۰۷ء) شائع ہو چکے ہیں۔

۱۳۳- یہ محراب خاور کے شاگرد ہیں ان کے درج ذیل مجموعے شائع ہو چکے ہیں: پھلواری (اکتوبر ۲۰۰۰ء)، سچے موتی (۲۰۰۲ء)، تصویرِ اقبال (۲۰۰۲ء)، بلغ العلیٰ بکمالہٖ (مارچ ۲۰۰۵ء) اور ہنیرے اجالے (۲۰۰۶ء)۔

۱۳۴- یہ محراب خاور کے شاگرد ہیں اور ان کا پہلا شعری مجموعہ شامِ غم ۲۰۰۲ء میں شائع ہوا، جبکہ دوسرا مجموعہ پیمانۂ حرف طباعت کے آخری مراحل میں ہے۔

۱۳۵- ان کا ایک مجموعہ نوائے دلشاد (۲۰۰۶ء) شائع ہو چکا ہے۔

۱۳۶- ان کے شعری مجموعوں عشق دا خزانہ المعروف معرفت دا خزانہ (۱۹۹۶ء) انوارِ رسول (۲۰۰۳ء)، محبت (۲۰۰۶ء) کی اشاعت راقم کے علم میں ہے۔

۱۳۷- ان کا ایک مجموعہ کل اج تے کل (جون ۲۰۰۳ء) کے نام سے شایع ہو چکا ہے۔

۱۳۸- ان کے درج ذیل مجموعے شایع ہو چکے ہیں: قدراں (نومبر ۲۰۰۱ء)، گوہڑے ساک (۲۰۰۳ء)، گڈیاں پٹولے (۲۰۰۵ء)، سانجیاں یاداں (۲۰۰۷ء)۔

۱۳۹- چند منظوم پنجابی شجرات پر مشتمل ان کے کلام کا قلمی نسخہ سید حبیب شاہ بخاری کے پاس تھا جو ان کے بقول پیر محبوب حسین نوشاہی (۲۸ محرم ۱۳۴۷-۲۲ ربیع الآخر ۱۴۲۰ھ، سنگھوئی) ان سے لے گئے تھے۔

۱۴۰- ان کا ایک شعری مجموعہ گلنج (مارچ ۲۰۰۵ء) شایع ہو چکا ہے۔

۱۴۱- ان کی منظوم تقریظ سید چمن شاہ نجفی کی تصنیف تحفۂ رسولی میں شامل ہے۔ (تحفۂ رسولی: راولپنڈی، شانتی سٹیم پریس، باہتمام مہتہ کشن چند موہن، ۱۹۲۳ء، ص ۱۱۲)

۱۴۲- موضع بھلیسر میں پیدا ہوئے اور پھر یہاں سے ہجرت کر کے تحصیل جنڈ (ضلع اٹک) میں جا کر رہایش پذیر ہو گئے اور وہیں وفات پائی۔ ان کے درج ذیل مجموعے شایع ہوئے ہیں: مشاقِ رسول، مشاق دی زاری، محبِ رسول، فوجی سپاہی، جنگی سفرنامہ یعنی احوال برما، سی حرفی مشاق۔

۱۴۳- ان کا ایک مختصر شعری مجموعہ علم معرفت کی حسین شعاعیں نور تجلی کی پر کیف ادائیں شایع ہو چکا ہے۔

۱۴۴- یہ محراب خاور کے شاگرد ہیں اور ان کا ایک شعری مجموعہ ضیائے کلیام (۱۹۹۳ء) شایع ہو چکا ہے، جب کہ دوسرا اتھرے بول زیر طبع ہے۔

